کوئٹہ بلوچستان اور راولاکوٹ آزادکشمیر سے بیک وقت شائع ہونیوالا پہلا قومی اخبار

Daily FARZAND-E-KASHMIR Quetta

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ فرزندِ کشمیر کوئٹہ راولاکوٹ

بانی: محمد شوکت

جلد 18 | جمعہ 11 ستمبر 2026ء | 28 ربیع الاول 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 471

Web:- www.farzand-e-kashmir.pk

میرٹ، شفافیت اور قانون کی بالادستی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، سرفراز بگٹی

نوکریوں کی خرید وفروخت روکنے کے لیے ہرطرح کا دباؤ برداشت کریں گے تاہم بلوچستان کے نوجوانوں کے حق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، وزیر اعلیٰ بلوچستان

سیکرٹریز کی سطح پر نوکریوں کی خرید وفروخت کا الزام ناقابلِ فہم اور کسی اعلیٰ انتظامی عہدے کے شایانِ شان نہیں۔ ہمیں سیکرٹریز کی نیت اور مثبت کردار پر کوئی شک نہیں تاہم ماتحت اہلکاروں اور ریکروٹمنٹ کمیٹیوں کی کارکردگی پر کڑی نظر رکھنے کی ضرورت ہے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں کسی نوجوان کی نوکری فروخت نہیں ہونے دی جائے گی، نوکریوں کی خرید وفروخت کے مصدقہ شواہد سامنے آئے تو کوئی وزیر بچے گا نہ کوئی سیکرٹری، جبکہ ملوث عناصر کے خلاف غیر جانبدارانہ تحقیقات کے بعد قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کے مستقبل اور ان کے حق روزگار پر کسی قسم کا سمجھوتہ قابل قبول نہیں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے یہ بات سیکرٹریز میٹنگ کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی جس میں صوبائی محکموں کی کارکردگی، سالانہ ترقیاتی پروگرام کی فزیکل و فنانشل پیش رفت، بھرتیوں کے عمل اور مختلف انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں صوبائی (بقیہ 2صفحہ 3پر)



وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

وزیر اعظم شہباز شریف نے محمود اچکزئی کے خط کا جواب بھجوا دیا

وزیر اعظم نے الیکشن کمیشن میں نئی تقرریوں کیلئے آئینی طریقہ کار پر عمل کی یقین دہانی کروادی، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کے خط کا جواب بھجوا دیا۔ ذرائع کے مطابق چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمیشن کے نئے ارکان کی تقرری پر وزیر اعظم کا خط اپوزیشن لیڈر کو موصول ہوا، وزیر اعظم نے الیکشن کمیشن میں نئی تقرریوں کیلئے آئینی طریقہ کار پر عمل کی یقین دہانی کروادی۔ اس سے قبل محمود خان اچکزئی سے رانا (بقیہ 25صفحہ 3پر)

پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی کی حمایت جاری رکھے گا، کشمیر اقوام متحدہ کے ایجنڈے پر موجود حل طلب مسئلہ ہے

بھارتی دعوؤں اور ہتھکنڈوں سے کشمیر کی متنازع حیثیت تبدیل نہیں ہوسکتی، پاکستان

بھارتی دعوؤں اور ہتھکنڈوں سے کشمیر کی متنازع حیثیت تبدیل نہیں ہوسکتی، پاکستان کو یاسین ملک کی بگڑتی ہوئی صحت پر تشویش ہے، پاکستان یاسین ملک کا معاملہ اور مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال پر عالمی فورمز پر بات کرتا رہے گا، سجاد حیدر خان

افغان طلبہ پر پابندی عائد کرنے کا تاثر درست نہیں، افغان طلبہ کے خلاف مکمل پابندی کا کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا، درست ویزا اور ڈگری پروگرام میں رجسٹریشن رکھنے والے افغان طلبہ تعلیم مکمل کرسکتے ہیں، ایران کو وارننگ کی رپورٹ بے بنیاد ہے، ایران کے ساتھ تجارت پر ملکی مفاد کے مطابق فیصلہ ہوگا، ہفتہ وار بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دوطرفہ دفاعی تعاون جاری ہے اور دفاعی معاہدے پر عمل درآمد کیلئے وقت درکار ہوگا پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی کی حمایت جاری رکھے گا، کشمیر اقوام متحدہ کے ایجنڈے پر موجود حل طلب مسئلہ ہے، بھارتی دعوؤں اور ہتھکنڈوں سے کشمیر کی متنازع حیثیت تبدیل نہیں ہوسکتی، پاکستان کو یاسین ملک کی بگڑتی ہوئی صحت پر تشویش ہے، پاکستان یاسین ملک کا معاملہ اور مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال پر عالمی فورمز پر بات کرتا رہے گا، افغان طلبہ پر پابندی عائد کرنے کا تاثر درست نہیں، افغان طلبہ کے خلاف مکمل پابندی کا کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا، درست ویزا اور ڈگری پروگرام میں رجسٹریشن رکھنے والے افغان طلبہ تعلیم مکمل کرسکتے ہیں، ایران کو وارننگ کی رپورٹ بے بنیاد ہے، ایران کے ساتھ تجارت پر ملکی مفاد کے مطابق فیصلہ ہوگا۔ ہفتہ وار پریس بریفنگ کے دوران ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے کہا (بقیہ 1صفحہ 3پر)

سعودی عرب کا تحفظ اور سلامتی امت مسلمہ کی ذمے داری ہے، مولانا فضل الرحمٰن

سعودی عرب کی خود مختاری اور علاقائی سلیمت کا تحفظ ہونا چاہیے، سربراہ جے یو آئی کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ سعودی عرب کا تحفظ اور سلامتی امت مسلمہ کی ذمے داری ہے اور اس پر حملہ امتِ مسلمہ کی سلامتی پر حملہ ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں کی مذمت کرتے ہیں اور سعودی عرب کی خود مختاری اور علاقائی سلیمت کا تحفظ ہونا چاہیے۔ سربراہ جمعیت علمائے اسلام (ف) نے کہا کہ خطے میں بڑھتی کشیدگی دنیا کے امن کے لیے خطرناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم ممالک باہمی اختلافات ختم کرکے متحدہ حکمت عملی اپنائیں۔ مولانا فضل (بقیہ 14صفحہ 3پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان نے سینئر افسران سے نوکریاں فروخت نہ کرنے کا حلف لے لیا

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے سینئر افسران سے (بقیہ 4صفحہ 3پر)

ٹین بلین ٹری سونامی پروگرام 15 ارب روپے سے زائد کا وسیع اور اہم منصوبہ ہے جس پر اب تک 6 ارب 35 کروڑ روپے خرچ کیے جاچکے ہیں

تاہم گزشتہ دس سال سے جاری منصوبے میں اربوں روپے خرچ ہونے کے باوجود محکمہ کی عملی کارکردگی انتہائی مایوس کن ہے، بلوچستان پبلک اکاؤنٹس کمیٹی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (پی اے سی) نے ٹین بلین ٹری سونامی پروگرام میں گزشتہ تین سال کے دوران صرف 12.43 فیصد طبعی اور 10 فیصد مالی پیش رفت پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو زیرالتوا آڈٹ اعتراضات دور کرنے اور تمام مطلوبہ ریکارڈ فراہم کرنے کی ہدایت کردی، جبکہ کمیٹی رکن عبیداللہ (بقیہ 3صفحہ 3پر)

آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن ٹھیکیداروں کو درپیش مسائل حل کرنے کیلئے ہرممکن کوشش کررہی ہے

ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کی تقریب حلف برداری 3 اکتوبر کو کوئٹہ میں ہوگی، چیئرمین ملک عبدالغفار

کوئٹہ (این این آئی) آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین ملک عبدالغفار مندوخیل، صدر میر عبدالسلام لانگو، جنرل سیکرٹری ملک مجیب مہترزئی، وائس چیئرمین میر شکیل لہڑی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری صلاح الدین کبزئی، سیکرٹری اطلاعات سرور جان مندوخیل، سیکرٹری فنانس محمد ادریس جان لانگو، نائب صدر سراج خان کاکڑ، رابطہ سیکرٹری نورت (بقیہ 5صفحہ 3پر)

مستحق خواتین کو اپنی مالی معاونت براہ راست، محفوظ اور باوقار انداز میں ملنی چاہیے، شہباز شریف

گیٹس فاؤنڈیشن کے وفد کی وزیر اعظم سے ملاقات، پاکستان اور گیٹس فاؤنڈیشن کے درمیان تعاون اور شراکت داری کو مزید مؤثر بنانے کے امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان پولیو کے مکمل خاتمے کے مشترکہ ہدف کے حصول کے لیے پرعزم ہے، کیش لیس پاکستان کا مقصد عام شہریوں کی زندگی آسان بنانا، حکومتی نظام میں شفافیت بڑھانا اور سرکاری رقوم کو بغیر کسی تاخیر یا ضیاع کے مستحقین تک پہنچانا ہے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے گیٹس فاؤنڈیشن کے وفد نے اسلام آباد میں ملاقات کی وفد میں گیٹس فاؤنڈیشن کی نمائندگان کلپنا کوچر اور انیتا زیدی شامل تھیں۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان کے ترقیاتی چیلنجز کے دوران گیٹس فاؤنڈیشن کی مسلسل معاونت اور شراکت داری کو سراہا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان پولیو کے مکمل خاتمے کے مشترکہ ہدف کے حصول کے لیے پرعزم ہے، پولیو کے خاتمے کے قومی پروگرام کو اعلیٰ ترین سطح پر سرپرستی حاصل ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ گیٹس فاؤنڈیشن نے پولیو کے خاتمے، صحت، غذائیت، مالیاتی شمولیت اور معاشرے کے کمزور طبقات کی فلاح وبہبود کے لیے قابل قدر کردار ادا کیا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ڈیجیٹل ادائیگیاں، غذائی تحفظ، زچہ و نوزائیدہ صحت، غربت کا خاتمہ اور موسمیاتی تبدیلی سمیت اہم اصلاحاتی ترجیحات، گورننس ریفارم ایجنڈا کا حصہ ہیں۔ وزیر اعظم (بقیہ 24صفحہ 3پر)



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کے ساتھ ڈاک ٹکٹ اکٹھا کرنے والے طلباء کا گروپ فوٹو

ایران اپنے حوثی اتحادیوں کو قابو کرے، پاکستان نے سعودی عرب کا انتباہی پیغام پہنچا دیا

فوجیں یمن میں داخل نہیں ہوں گی اور کسی بھی قسم کا جوابی عمل سعودی حدود سے ہی دیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے سعودی عرب پر حوثیوں کے حالیہ حملوں کے بعد سعودی عرب کی جانب سے ایران کو ایک انتباہی پیغام بھیجا ہے جس میں کہا گیا کہ ایران اپنے اتحادی یمنی حوثیوں کو قابو کرے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے دفاعی معاہدے کی وجہ سے ایران کو دیا گیا پاکستان کا یہ انتباہ خاصی اہمیت کا حامل ہے۔

شہریوں کے جان و مال کا تحفظ حکومت اور متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے، گورنر بلوچستان

کوئٹہ شہر اور اس کے مضافات میں عوام کو درپیش مسائل و مشکلات کے حل کو ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنانے کیلئے اقدامات کیے جارہے ہیں، جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو اور رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل کی قیادت میں مختلف وفود کے نمائندوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی، جس میں کوئٹہ شہر اور اس کے مضافاتی علاقوں میں عوام کو درپیش مسائل، بڑھتے ہوئے اسٹریٹ جرائم، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور شہریوں کی مشکلات سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر بلوچستان نے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ ایک تیزی سے پھیلتا ہوا شہر ہے، اسلیے شہری آبادی میں اضافے کے ساتھ انتظامی، ٹریفک، صفائی، صحت، تعلیم، پانی، نکاسی آب اور اسٹریٹ کرائمز کے مسائل بھی بڑھ رہے ہیں۔ ان مسائل سے نمٹنے کیلئے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مربوط اور فعال رابطہ ضروری ہے۔ عوامی خدمت کا اصل معیار یہ ہے کہ عام شہری کو اپنے مسائل کے حل کیلئے غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ (بقیہ 48صفحہ 3پر)

پاکستانی بلیو اکانومی کی دنیا میں دھوم، سی فوڈز برآمدات تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئیں

پاکستان کی بڑھتی سی فوڈ برآمدات بلیو اکانومی، روزگار اور معاشی ترقی کے لیے نئے مواقع پیدا کررہی ہیں، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی بلیو اکانومی میں اہم پیش رفت ہوئی ہے، جہاں سی فوڈ برآمدات مالی سال 2025-26 میں پہلی بار 500 ملین ڈالر کی حد عبور کرکے 568 ملین ڈالر تک پہنچ گئیں۔ وزارت بحری امور کے مطابق گزشتہ 2 برسوں میں پاکستانی سی فوڈ برآمدات میں 38 فیصد نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔

نیب (بلوچستان) کے زیر اہتمام سٹی سکول، کوئٹہ کینٹ میں انسداد بدعنوانی پر تقریری مقابلہ، آگاہی لیکچر اور واک کا انعقاد

کوئٹہ (این این آئی) انسداد بدعنوانی کی جاری آگاہی مہم کے سلسلے میں قومی احتساب بیورو (بلوچستان) کے زیر اہتمام سٹی سکول، کوئٹہ کینٹ میں تقریری مقابلے، "نیب کے فرائض اور انسدادِ بدعنوانی میں طلباء (بقیہ 7صفحہ 3پر)

پاکستان کی سمندری خوراک کی برآمدات میں تاریخی اضافہ

پاکستانی سی فوڈ چین، جاپان، سعودی عرب، یو اے ای اور امریکا سمیت عالمی منڈیوں تک جارہا ہے، وزارت بحری امور

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی سمندری خوراک کی برآمدات میں تاریخی اضافہ ریکارڈ ہوا ہے۔ وزارت بحری امور کے مطابق 2 سال میں پاکستانی سی فوڈ کی برآمدات میں 38 فیصد نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ سی فوڈ کی برآمدات 2023-24 میں 406 ملین ڈالرز تھیں جو 2025-26 میں 568 ملین ڈالرز تک پہنچ گئیں۔

بلوچستان اس وقت انتہائی نازک اور غیر معمولی حالات سے گزر رہا ہے، میر عبدالروف مینگل

ایسے حالات میں تمام سیاسی قوتوں کو مشترکہ قومی حکمت عملی اختیار کرنی چاہیے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سنٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن اور سابق رکن قومی اسمبلی میر عبدالروف مینگل نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان اس وقت انتہائی نازک اور غیر معمولی حالات سے گزر رہا ہے عالمی و علاقائی سیاسی تبدیلیوں، معاشی بحران، بدامنی، بے روزگاری، لاقانونیت اور آئین وقانون سے ماورا اقدامات نے (بقیہ 13صفحہ 3پر)

پاکستان میں افغان طلبا پر پابندی نہیں، قوانین اور ویزا پالیسی کا بلاامتیاز اطلاق ہوتا ہے، پی ایم ڈی سی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) نے افغان طلبا کے حوالے سے کہا ہے کہ تمام غیر ملکی طلبا پر پی ایم ڈی سی کے قوانین اور (بقیہ 15صفحہ 3پر)

پاکستان ہیلتھ سیکٹر میں اپنی سابقہ کارکردگی کے ریکارڈ توڑتے ہوئے تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے، وزیر صحت

حکومت صحت کے شعبے میں اصلاحات، ڈیجیٹلائزیشن، سرمایہ کاری اور برآمدات کے فروغ کے لیے بھرپور اقدامات کررہی ہے، سید مصطفیٰ کمال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان ہیلتھ سیکٹر میں اپنی سابقہ کارکردگی کے ریکارڈ توڑتے ہوئے تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے، صحت کا شعبہ قومی سلامتی اور قومی معیشت کا اہم مسئلہ ہے، حکومت صحت کے شعبے میں اصلاحات، (بقیہ 8صفحہ 3پر)

وزیر اعظم شہباز شریف کے کیش لیس اکانومی کے ایجنڈے کے تحت پاکستان میں ڈیجیٹل لین دین میں نمایاں اضافہ

ڈیجیٹل لین دین کرنے والوں کی تعداد 20 لاکھ سے تجاوز کرگئی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت خزانہ اور ریلوے بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی کیش لیس اکانومی کے ایجنڈے کے تحت پاکستان میں (بقیہ 11صفحہ 3پر)

سی پیک نے پاکستان کو علاقائی روابط کے ایک اہم مرکز کے طور پر ابھارا ہے، جام کمال

پاکستان بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو کا حامی ہے، چین پاکستان اقتصادی راہداری معاشی منظرنامے کو نئی شکل دے رہی ہے، وفاقی وزیر تجارت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ پاکستان بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو کا حامی ہے، چین پاکستان اقتصادی راہداری پاکستان کے معاشی منظرنامے کو نئی شکل دے رہی ہے، سی پیک نے پاکستان کو علاقائی روابط کے ایک اہم مرکز کے طور پر ابھارا ہے، پاکستان وسطی ایشیا اور مغربی چین کو گرم پانیوں اور بندرگاہوں سے منسلک کر رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو ہانگ کانگ میں منعقد ہونے والے 11 ویں بیلٹ اینڈ روڈ سمٹ سے خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ بی آر آئی محض اقتصادی منصوبہ نہیں بلکہ ممالک اور اقوام کو قریب لانے کا مؤثر پلیٹ فارم ہے۔ انہوں نے کہا (بقیہ 34صفحہ 3پر)



تربت، اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ ضلع کیچ کے دفتر کا دورہ کررہے ہیں

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار انیسہ بیگم کو میرج گرانٹ کی مد میں 50 ہزار کا چیک دلوادیا

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار انیسہ بیگم کو میرج گرانٹ کی مد میں 50 ہزار کا چیک دلوادیا گیا۔ درخواست گزار انیسہ بیگم نے بتایا کہ انہوں (بقیہ 6صفحہ 3پر)

پیٹرولیم قیمتوں میں مسلسل اضافہ تشویشناک ہے، اسلم غوری

ایک طرف پیٹرولیم قیمتوں میں اضافہ اور دوسری طرف بلٹ پروف (بقیہ 14صفحہ 3پر)

بلوچستان محکمہ صحت میں دوہری ملازمت ثابت ہونے پر 5 ملازمین کو ملازمت سے برطرف کردیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان محکمہ صحت میں دوہری ملازمت ثابت ہونے پر 5 ملازمین کو ملازمت سے برطرف کردیا گیا برطرف ملازمین میں 4 میڈیکل افسران (بقیہ 10صفحہ 3پر)

پاکستان میں زرعی جدت کی جانب بڑی پیشرفت؛ جی ایم مکئی بیج کی منظوری

منظوری سے زرعی شعبے میں جدید بیج، زیادہ پیداوار اور موسمیاتی تبدیلیوں کے مقابلے کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں جینیاتی طور پر تبدیل شدہ مکئی کی کاشت اپنانے کی اصولی منظوری دے دی گئی، جسے زرعی جدت اور پیداوار بڑھانے کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا گیا ہے۔ ایس آئی ایف سی اور گرین پاکستان انیشیٹو کے تعاون سے زرعی شعبے میں جدید ٹیکنالوجی اور بہتر بیجوں کے فروغ کیلئے اقدامات جاری ہیں، جی ایم مکئی جدید (بقیہ 9صفحہ 3پر)

مقبوضہ مغربی کنارے میں اسرائیلی فورسز نے 33 فلسطینیوں کو گرفتار کرلیا

اسرائیلی فورسز نے درجنوں گھروں پر چھاپہ مارا اور ان کی تلاشی لی جس کے دوران املاک کو بھی نقصان پہنچا، غیر ملکی میڈیا

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے جمعرات کو مقبوضہ مغربی کنارے میں چھاپوں کے دوران دو صحافیوں، دو نابالغوں اور سابق قیدیوں سمیت 33 فلسطینیوں کو گرفتار کیا ہے، میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فورسز نے درجنوں گھروں پر چھاپہ مارا اور ان کی تلاشی لی جس کے دوران املاک کو بھی نقصان پہنچا، یہ کارروائیاں نابلس، بیت لحم، ہیبرون، جینین، توباس اور تلکرم کے صوبوں میں مرکوز تھیں۔ نابلس میں 17، بیت لحم میں 7، ہیبرون میں 3، جنین میں 1، طوباس سے 2 اور تلکرم سے 3 فلسطینیوں کو گرفتار کیا گیا۔ گرفتار ہونے والوں میں دو صحافیوں کی شناخت صابری موسی جبریل اور معت عمارنہ کے نام سے کی ہے، دونوں بیت لحم سے ہیں۔ جنین میں اسرائیلی اسپیشل (بقیہ 46صفحہ 3پر)

قائداعظمؒ کی قیادت، سیاسی بصیرت اور اصولوں سے وابستگی قوم کے لیے مشعلِ راہ ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

قائداعظمؒ کے ایمان، اتحاد اور تنظیم کے زریں اصولوں پر کاربند ہوکر پاکستان کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کے 78 ویں یوم وفات کے موقع پر اپنے پیغام میں بانی پاکستان کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ قائداعظمؒ کی بصیرت افروز اور بے لوث قیادت نے برصغیر کے مسلمانوں کے لیے ایک علیحدہ وطن کے خواب کو شرمندہ تعبیر کیا، قائداعظمؒ کی غیر معمولی سیاسی بصیرت، اصولوں سے غیر متزلزل وابستگی اور جدوجہد نے برصغیر کے مسلمانوں کو ایک علیحدہ وطن کے حصول کے لیے متحد کیا، ان کی اصولوں سے وابستگی اور تاریخی جدوجہد قوم کے لیے ہمیشہ مشعلِ راہ اور باعثِ تقویت رہے گی۔ اپنے بیان میں اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ قائداعظمؒ نے ہمیشہ قانون کی حکمرانی، آئین کی بالادستی، جمہوری اصولوں اور سیاسی دانش مندی کو مقدم رکھا۔ ان کی زندگی اور جدوجہد اس امر کی عکاس ہے کہ قومی مقاصد کے حصول (بقیہ 44صفحہ 3پر)



استا محمد، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اسماعیل لاشاری گورنمنٹ ہائی سکول رستم خان جمالی میں اضافی کمرے کا افتتاح کررہے ہیں

افغان طلبہ کو دورانِ تعلیم واپس بھیجنا ان کے مستقبل سے ناانصافی ہے، اسلم غوری

زیر تعلیم افغان طلبہ کی تعلیم ہرگز منقطع نہ کی جائے، افغان طلبہ کو تعلیم مکمل کرنے تک پاکستان میں رہنے دیا جائے، ترجمان جے یو آئی

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے ترجمان (بقیہ 12صفحہ 3پر)

جنگِ ستمبر کا دسواں روز، پاک فوج نے دشمن کو پسپا ہونے پر مجبور کردیا

جنگ ستمبر میں پاک فوج بھارتی فوج کو ہر محاذ پر بدترین شکست سے دوچار کررہی تھی

اسلام آباد (این این آئی) ستمبر 1965 کی جنگ کے دسویں روز پاکستانی افواج نے شدید جوابی حملہ کرکے بھارتی فوج کو قصور سیکٹر سے پسپا ہونے پر مجبور کردیا۔ تفصیلات کے مطابق پاک فوج کی بھرپور جوابی کارروائی میں جموں سے سیالکوٹ کی طرف پیش قدمی کی کوشش کرنے والی بھارتی فوج کو بھاری نقصان اٹھانا پڑا۔ پاک فضائیہ کے ہاتھوں دوارکا اور (بقیہ 18صفحہ 3پر)

عمران خان کے ایکس اکاؤنٹ پر پابندی کی درخواست پر پیش رفت

عمران خان سے ملاقات نہ کرانے پر توہین عدالت کیس میں سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کا جواب جمع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے بانی کے ایکس اکاؤنٹ پر پابندی کی درخواست پر سماعت میں پیش رفت سامنے آئی ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی کے ایکس (سابقہ ٹوئٹر) اکاؤنٹ پر پابندی کے لیے دائر درخواست کی سماعت کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر مقدمے کے میرٹس پر دلائل طلب کر لیے۔ عدالت نے پی ٹی آئی کے بانی کے ایکس اکاؤنٹ سے متعلق مقف پر چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر سے جواب طلب کیا۔ دوسری جانب بانی پی ٹی آئی سے عدالتی آرڈر کے باوجود وکیل کی ملاقات نہ کرانے (بقیہ 16صفحہ 3پر)

وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی، مینا خان آفریدی، شاہد خٹک، شفیع جان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی انسداد دہشتگردی عدالت نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی، مینا خان آفریدی، شاہد خٹک اور شفیع جان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کردیئے۔ تھانہ رمنا کے مقدمہ میں نامزد چاروں ملزمان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کیے گئے، عدالت (بقیہ 17صفحہ 3پر)

9 رکنی چینی وفد کا اسلام آباد چیمبر کا دورہ، سمارٹ سٹیز، ڈرونز، روبوٹکس، ڈیٹا سینٹرز اور آر اینڈ ڈی میں تعاون پر تبادلہ خیال

پاکستان اور چین کے معاشی تعاون کو ٹیکنالوجی پر مبنی شراکت داری کے نئے دور میں داخل کرنے کی ضرورت ہے، صدر آئی سی سی آئی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر سردار طاہر محمود نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کے معاشی تعاون کو (بقیہ 19صفحہ 3پر)

کوئٹہ کو صاف، محفوظ، منظم اور پائیدار شہری ماحول فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، شکیل قادر خان

اس لیے ماسٹر پلان کے نفاذ کے لیے تمام متعلقہ ادارے مربوط حکمت عملی کے تحت بروقت اقدامات کریں، چیف سیکرٹری بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت اہم اجلاس میں کوئٹہ ماسٹر پلان پر مؤثر عملدرآمد، شہر میں قائم ڈیری فارمز کو شہری حدود سے باہر منتقل کرنے، پانی کے وسائل کے بہتر استعمال، بلڈنگ کوڈ پر عملدرآمد اور سرکاری ملازمین کے طبی معاوضے کے نظام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں محکمہ شہری منصوبہ بندی و ترقی (UP&D)، ضلعی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ شہری حدود میں قائم ڈیری فارمز سے فضلہ جات کی تلفی، صفائی و حفظانِ صحت، انسانی و حیوانی صحت، ٹریفک اور ماحولیاتی آلودگی سمیت مختلف مسائل پیدا ہو رہے ہیں، جس کے پیشِ نظر ڈیری فارمز کو مرحلہ وار شہری حدود (بقیہ 45صفحہ 3پر)



جعفر آباد، ڈپٹی کمشنر خالد بلاک شناختی کارڈ کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پاکستان میں 37 کمپنیاں موبائل فونز بنارہی ہیں، ابتک 3.5 کروڑ فون بنالیے، قائمہ کمیٹی آئی ٹی وٹیلی کام

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے آئی ٹی وٹیلی کام کے اجلاس میں سی ای او انجینئرنگ ڈیویلپمنٹ بورڈ نے کہا ہے کہ پاکستان میں 37 کمپنیاں موبائل فونز بنارہی ہیں، ابتک ساڑھے 3 کروڑ سے زائد موبائل فون بنالیے گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق انھوں نے کہا کہ ایک امریکی کمپنی کے علاوہ بہت ساری کمپنیاں پاکستان (بقیہ 23صفحہ 3پر)

سمیڈا اور وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے درمیان نوجوانوں اور ایم ایس ایم ایز کے لیے مالی و کاروباری معاونت بڑھانے کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

سمیڈا اور وزیراعظم یوتھ پروگرام کے درمیان تعاون سے مالی مواقع اور ممکنہ مستفید ہونے والوں کے درمیان موجود خلا کو کم کرنے میں مدد ملے گی، ہارون اختر

اسلام آباد (این این آئی) سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) اور وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے، جس کا مقصد پاکستان بھر میں مائیکرو، سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز اور کاروبار شروع کرنے کے خواہشمند نوجوانوں کیلئے مالی اور کاروباری ترقی کی معاونت، آگاہی اور رسائی کو بہتر (بقیہ 20صفحہ 3پر)

بلوچستان کے اسکولوں کو ڈیسک مہیا کرنے کے اعلان پر 3 ماہ بعد بھی عملدرآمد نہ ہوسکا

بلوچستان کے بیشتر اسکولوں میں بچے ٹاٹ پر بیٹھ کر تعلیم حاصل کررہے ہیں، رپورٹ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے اسکولوں کو ڈیسک مہیا کرنے کے اعلان پر 3 ماہ میں عملدرآمد نہ ہوسکا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بلوچستان کے بیشتر اسکولوں میں بچے ٹاٹ پر بیٹھ کر تعلیم حاصل کر رہے ہیں اس حوالے سے وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے (بقیہ 21صفحہ 3پر)

ایس ای سی پی کی جانب سے پاکستان کے ریٹ سیکٹر میں ترقی کو تیز کرنے کے لیے اصلاحات کی تجویز

اصلاحات کا مقصد طویل مدتی سرمایہ متحرک کرنا، سرمایہ کاروں کی شرکت بڑھانا اور ریئل اسٹیٹ سیکٹر کی صلاحیت کو اجاگر کرنا ہے، چیئرمین ایس ای سی پی

اسلام آباد (این این آئی) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے سرمایہ کاری کو فروغ دینے، سرمایہ کاروں کی شرکت وسیع کرنے اور ریٹ (بقیہ 22صفحہ 3پر)

حکومت کی اولین ترجیح صارفین پر مالی بوجھ کو کم سے کم رکھنا ہے، اویس لغاری

وزیر توانائی سے برٹش انٹرنیشنل انویسٹمنٹ کے وفد کی ملاقات، بیٹری اسٹوریج سسٹمز اور نجی سرمائے کی فراہمی پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری سے برٹش انٹرنیشنل انویسٹمنٹ (بی آئی آئی) کے اعلیٰ سطحی وفد نے ملاقات کی، جس کی قیادت ادارے کے ایم ڈی اور ہیڈ آف ایشیا سری نی ناگراجن کر رہے تھے۔ ملاقات میں پاکستان کے توانائی کے شعبے، بالخصوص ٹرانسمیشن نیٹ ورک کی جدید کاری، بیٹری اسٹوریج سسٹمز اور نجی سرمائے کی فراہمی میں باہمی تعاون کے مواقع پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے وفاقی وزیر کو بی آئی آئی کے تاریخی پس منظر اور عالمی کارکردگی سے آگاہ کیا۔ 1987 سے پاکستان میں متحرک اس ادارے نے ملک میں تقریباً 600 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کا عزم ظاہر کررکھا ہے اور وہ طویل المدتی شراکت داری کو مزید فروغ دینے کا خواہاں ہے۔ وفد نے اپنے تین بنیادی شعبوں، کلائمیٹ اینڈ انفراسٹرکچر، انفارمیشن ٹیکنالوجی و سروسز اور فنانشل سروسز کی کارکردگی کو اجاگر (بقیہ 47صفحہ 3پر)

نصیرآباد میں نامعلوم مسلح ڈاکو پولیس اہلکاروں سمیت مسافروں سے لاکھوں روپے نقدی، موبائل فون اور دیگر قیمتی اشیاء لوٹ کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیرآباد بھل مگسی نوتال روڈ پر ڈکیتی کی واردات مسلح ڈاکوؤں نے پی ٹی سی ٹریننگ پر کوئٹہ جانے والے چار پولیس اہلکاروں سمیت متعدد مسافروں کو یرغمال بنا کر لاکھوں روپے نقدی درجنوں موبائل فون سونے کی چین ودیگر سامان لوٹ کر فرار ہوگئے پولیس کے مطابق ضلع نصیرآباد پولیس تھانہ لانڈھی شریف کی حدود بھل مگسی نوتال (بقیہ 24صفحہ 3پر)



تربت، اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر ضلع کیچ امتیاز بخش سے ملاقات کررہے ہیں

کوئٹہ اور آزاد کشمیر سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily FARZAND-E-KASHMIR

روزنامہ فرزندِ کشمیر

چیف ایڈیٹر: محمد شوکت

چیف ایڈیٹر و پبلشر: محمد شوکت نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ فرزند کشمیر کوئٹہ آفس نمبر 1 سیکنڈ فلور یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
(موبائل نمبر 0300-3843995) فون نمبر:۔ 0812869391
فیکس نمبر:۔ 0512204192, 0812869207
نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر منگ روڈ راولاکوٹ آزاد کشمیر سے شائع کیا۔

اقوام متحدہ کے جاری کردہ عالمی نقشے میں کشمیر متنازعہ قرار، بھارت کا اٹوٹ انگ کا بیانیہ دفن

اقوام متحدہ نے اپنے جاری کردہ معیاری عالمی نقشے میں کشمیر کو متنازعہ علاقہ قرار دے دیا۔اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے گذشتہ جمعہ کے روز ''نقشے درست کرو'' پر مبنی قرارداد منظور کی تھی جس کی بھارت سمیت 164 رکن ممالک نے حمایت کی۔میڈیا رپورٹس کے مطابق اقوام متحدہ کے معیاری Earth Equal نقشے کے حق میں بھارت نے بھی ووٹ دیا چنانچہ اقوام متحدہ کے اس معیاری عالمی نقشے نے بھارت کے اٹوٹ انگ والے بیانیہ کی قلعی کھول دی ہے۔اقوام متحدہ کے اس نقشے میں کشمیر کو متنازعہ علاقہ قرار دے کر لائن آف کنٹرول کو نکتہ دار لکیر کے ذریعے نمایاں کیا گیا ہے۔اس طرح کشمیر کی متنازعہ حیثیت اقوام عالم میں ایک بار پھر اجاگر ہوگئی ہے جبکہ بھارت نے اس عالمی نقشے کے حق میں ووٹ دے کر کشمیر پر اٹوٹ انگ والا بیانیہ اپنے ہی ہاتھوں دفن کر دیا۔اس بھارتی ووٹ نے کشمیر کو اندرونی معاملہ قرار دینے سے متعلق بھارتی دعوے کی جڑیں بھی ہلا دی ہیں۔ دفتر خارجہ پاکستان نے اس سلسلہ میں جاری کی گئی یہ بھارتی وضاحت بھی مسترد کر دی کہ بھارت نے نقشے میں دکھائی گئی سرحدوں کی نہیں، ان کے جغرافیائی تناسب کی حمایت کی تھی۔اس سلسلہ میں ترجمان دفتر خارجہ نے باور کرایا پاکستان کے لئے اقوام متحدہ کا جاری کردہ عالمی معیاری نقشہ ہی قابلِ قبول ہے۔ان کا کہنا تھا کہ کشمیر کی متنازعہ حیثیت اقوام متحدہ کی قراردادوں سے ہی واضح ہے۔ یہاں یہ امر قابلِ ذکر ہے کہ جنرل اسمبلی میں صرف امریکہ نے اس عالمی نقشے کی مخالفت کی۔اس نقشے میں اروناچل پردیش اور اکسائی چن کو بھارت اور چین کے باہمی سرحدی دعوو?ں سے ہٹ کر الگ خطوں کے طور پر دکھایا گیا ہے جبکہ بھارت اروناچل پردیش کو بھارت کا حصہ اور اکسائی چن کو لداخ کا حصہ قرار دیتا ہے۔اس طرح بھارت کو چین کے ساتھ اروناچل پردیش کے تنازعہ میں بھی مات کھانا پڑی ہے۔

یہ امر واقع ہے کہ کشمیر کا مسئلہ کسی حالیہ سیاسی تنازعہ کا پیدا کردہ نہیں بلکہ تقسیم ہند کے وقت سے اقوام متحدہ کے ایجنڈے پر موجود ایک دیرینہ تنازعہ ہے۔اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی 1948ء اور 1949ء کی قراردادوں میں کشمیری عوام کے حق خودارادیت اور استصواب رائے کے اصول کو تسلیم کیا گیا تھا۔ وقت گزرنے کے باوجود یہ قراردادیں قصہ پارینہ نہیں ہوئیں بلکہ متنازعہ عالمی خطوں والے اقوام متحدہ کے ایجنڈے میں ہمہ وقت موجود رہی ہیں اور آج بھی مسئلہ کشمیر کے بین الاقوامی تناظر میں اپنی موجودگی کا احساس دلا رہی ہیں۔

اس کے برعکس بھارت نے اقوام متحدہ کی ان قراردادوں کی روح کے مطابق کشمیری عوام کو ان کا حق دینے کے بجائے مسلسل ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کیا ہے۔ بالخصوص 5 اگست 2019ء کو بھارت کی مودی سرکار نے اپنے زیرِ تسلط جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کر کے اسے اپنے وفاقی انتظامی ڈھانچے میں ضم کرنے کے اقدامات اٹھائے جنہیں دنیا بھر میں قبول نہیں کیا گیا اور کشمیری عوام ہر عالمی فورم کا دروازہ کھٹکھٹاتے ہوئے بھارتی ظلم و جبر کے خلاف اور اپنی آزادی کے لئے آج بھی آواز اٹھا رہے ہیں جن کا پاکستان اپنے دیرینہ اصولی موقف کے تحت دامے، درمے، سخنے اور ہر سفارتی سطح پر ساتھ دے رہا ہے۔ بھارت نے اس اقدام کو اپنے داخلی معاملے کے طور پر پیش کرنے کی کوشش کی، مگر محض کسی یکطرفہ آئینی یا انتظامی اقدام سے بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ متنازعہ مسئلے کی ہیئت تبدیل نہیں کی جاسکتی۔ کشمیری عوام آج بھی استصواب رائے کے حق کے لئے ہر عالمی اور علاقائی فورم پر آواز اٹھا رہے ہیں۔

بے شک پاکستان اور بھارت کے مابین کشیدگی کی بنیادی وجوہ میں مسئلہ کشمیر سرفہرست ہے۔ پاکستان نے ابتدا ہی سے کشمیر کو محض دو ملکوں کے مابین زمین کا تنازعہ نہیں بلکہ کشمیری عوام کے مستقبل اور حقِ خودارادیت کا مسئلہ قرار دیا ہے۔اسی تناظر میں پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے ہوئے ہے اور عالمی برادری کی توجہ بھی اس امر کی جانب مبذول کراتا رہتا ہے کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن اسی وقت قائم ہوسکتا ہے جب یو این قراردادوں کے مطابق کشمیر کے مسئلے کا منصفانہ اور قابلِ قبول حل تلاش کیا جائے۔

اس تناظر میں بھارت اگر یہ سمجھتا ہے کہ کشمیر پر اس کا اٹوٹ انگ والا مو?قف درست ہے تو پھر اسے اقوام متحدہ کے زیر اہتمام آزادانہ اور غیر جانبدارانہ استصواب رائے سے خوفزدہ ہونے کی کوئی ضرورت نہیں ہونی چاہئے۔ کشمیری عوام کو اپنی قسمت کا فیصلہ خود کرنے دیا جائے تو عالمی برادری بھی اس دیرینہ تنازعہ کے ایک منصفانہ حل کی طرف بڑھ سکتی ہے۔

اس حوالے سے یہ امر بھی قابل غور ہے کہ ایک طرف بھارت اپنے ناجائز زیر تسلط کشمیر میں سیاسی اور انتظامی تبدیلیوں کے ذریعے زمینی حقائق تبدیل کرنے کی کوشش کرتا ہے اور دوسری طرف عالمی فورمز پر کشمیر کے متنازعہ ہونے کی حقیقت سے نظریں چراتا ہے۔ دنیا کے لئے اس کا یہ تضاد نا قابل فہم ہے جبکہ عالمی قوانین اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کی پاسداری کا یہی تقاضا ہے کہ کسی ریاست کو یکطرفہ اقدامات کے ذریعے کسی متنازعہ خطے کی حتمی حیثیت تبدیل کرنے کی اجازت نہ دی جائے۔

اندریں حالات بھارت جب تک اقوام متحدہ کی قراردادوں کو تسلیم کرتے ہوئے مسئلہ کشمیر کے حل کے لئے سنجیدہ مذاکرات اور کشمیری عوام کی خواہشات کو ملحوظ خاطر رکھنے پر آمادہ نہیں ہوتا، جنوبی ایشیا کا امن مستقل خطرات کی زد میں رہے گا۔ پاک بھارت تعلقات میں معمول کی بحالی، تجارت، علاقائی تعاون اور پائیدار امن کی ہر کوشش بالآخر کشمیر کے بنیادی مسئلے سے جڑی ہوئی ہے۔اسے نظرانداز کر کے محض وقتی یا جزوی مفاہمت دیرپا نتائج برآمد نہیں کر سکتی چنانچہ عالمی قیادتوں بالخصوص اقوام متحدہ پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنی ہی قراردادوں پر موثر عملدرآمد کے لئے بھارت پر سفارتی دباؤ بڑھائے اور کشمیری عوام کو ان کا تسلیم شدہ حق خودارادیت دلانے کے لئے قابل عمل راستہ اختیار کرے۔اقوام متحدہ اگر اپنے منظور شدہ نقشے اور اپنی قراردادوں کے موقف پر قائم ہے تو اسے مسئلہ کشمیر کے حل کے لئے بھی عملی طور پر فعال کردار ادا کرنا ہوگا۔محض قراردادیں منظور کر کے انہیں طاقِ نسیاں میں رکھ دینا عالمی ادارے کی ذمہ داریوں سے ہرگز مطابقت نہیں رکھتا۔

کشمیر کسی نقشے پر کھینچی گئی محض ایک لکیر کا نام نہیں، یہ لاکھوں انسانوں کے مستقبل، امن اور حقِ خودارادیت کا مسئلہ ہے۔ بھارت کو ''اٹوٹ انگ'' کی فرسودہ ہٹ دھرمی ترک کر کے زمینی حقائق اور عالمی ذمہ داریوں کا بہرصورت ادراک کرنا ہوگا۔اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کو اپنی قسمت کا فیصلہ کرنے کا حق دیا جائے تو نہ صرف ایک دیرینہ عالمی تنازعہ اپنے منطقی انجام تک پہنچ سکتا ہے بلکہ پاکستان اور بھارت کے مابین مستقل امن اور پورے خطے میں استحکام کی راہ بھی ہموار ہوسکتی ہے۔

قوم بل دیتی رہی، سیاست خاموش رہی

محمد اکرم چوہدری

کچھ خبریں پڑھی نہیں جاتیں، سینے پر رکھی جاتی ہیں یہ بھی ایسی ہی خبر ہے صرف گیارہ ماہ۔اور بجلی پیدا کرنے والوں کو تقریباً دو ہزار نو سو پینتیس ارب روپے کی ادائیگیاں۔ یہ ہندسہ لکھ دینا آسان ہے، اسے سمجھنا مشکل ہے۔ کیونکہ ہزاروں ارب روپے کسی سرکاری فائل میں لکھی چند سطریں نہیں ہوتے۔ان میں کسی مزدور کی ساری عمر کی کمائی ہوتی ہے، کسی باپ کی بیٹی کی فیس ہوتی ہے، کسی ماں کی دوا ہوتی ہے، کسی نوجوان کا بند ہوتا کاروبار اور کسی سفید پوش گھر کا آخری بچا ہوا سکون ہوتا ہے۔

اس ملک میں بجلی کا بل اب کاغذ کا ٹکڑا نہیں آتا، گھر میں خوف کا لفافہ آتا ہے میٹر ریڈر گزر جاتا ہے، مگر اس کے چند دن بعد آنے والا بل پورے گھر کا بجٹ روند دیتا ہے۔ تنخواہ سامنے پڑی ہوتی ہے اور سوال یہ ہوتا ہے کہ بجلی کا بل دیں، بچوں کی فیس دیں، راشن خریدیں یا بوڑھے والدین کی دوا؟ اور پھر پارلیمنٹ کے سامنے ایک عدد رکھ دیا جاتا ہے: 2.935 ٹریلین روپے۔

قوم پوچھتی ہے: حضور! اتنا پیسہ گیا کہاں؟ لیکن اس سے بھی بڑا سوال یہ ہے کہ اس خبر پر شور کہاں ہے؟ وہ سیاسی جماعتیں کہاں ہیں جو معمولی سے سیاسی واقعے پر پریس کانفرنسوں کی قطار لگا دیتی ہیں؟ وہ اسمبلیاں کہاں ہیں جہاں ایک دوسرے کے خلاف نعرے، واک آو?ٹ اور تقاریر ختم نہیں ہوتیں؟ وہ لیڈر کہاں ہیں جنہیں قوم کا درد ہر انتخابی جلسے میں اچانک یاد آ جاتا ہے؟ عوام کی جیب سے ہزاروں ارب نکل جائیں تو سیاست پر ایسی خاموشی کیوں اتر آتی ہے؟

شاید پاکستان کا اصل المیہ مہنگی بجلی نہیں۔اصل المیہ ستی سیاست ہے ایسی سیاست جسے عوام صرف ووٹ ڈالتے وقت یاد آتے ہیں۔ایسی سیاست جس میں اقتدار بدلتا ہے، تقریریں بدلتی ہیں، نعرے بدلتے ہیں، مخالف بدل جاتے ہیں، مگر بجلی کے بل پر لکھی عوام کی قسمت نہیں بدلتی۔ایک حکومت آتی ہے تو پچھلی حکومت کو ذمہ دار ٹھہراتی ہے۔ دوسری آتی ہے تو معاہدوں کا رونا روتی ہے۔ تیسری اصلاحات کا اعلان کرتی ہے۔ مگر ہر مہینے ایک پاکستانی اپنے گھر کے دروازے پر کھڑا وہی بل دیکھ رہا ہوتا ہے۔

اور حیرت دیکھئے جس گھر میں پنکھا چلانے سے پہلے سوچنا پڑتا ہے، اسی گھر کے شہری سے ایک ایسے نظام کی قیمت وصول کی جاتی ہے جس کے معاہدے اس نے نہیں کیے، شرائط اس نے طے نہیں کیں، ضمانتیں اس نے نہیں دیں اور فیصلوں کی میز پر اسے کبھی بٹھایا ہی نہیں گیا۔

معاہدہ کسی اور نے کیا، فیصلہ کسی اور نے کیا، فائدہ کسی اور نے اٹھایا اور بل عوام کے نام آ گیا یہی پاکستان کی سیاسی معیشت کا شاید سب سے مختصر تعارف ہے بات یہ نہیں کہ بجلی پیدا کرنے والی کمپنیوں کو جائز واجبات کیوں ادا کیے گئے۔ ریاستیں معاہدوں کی پابند ہوتی ہیں اور بجلی مفت پیدا نہیں ہوتی۔اصل سوال یہ ہے کہ ایسا نظام آخر بنا کیسے جس میں بجلی پاکستانی شہری کی بنیادی ضرورت سے بڑھ کر اس کی معاشی سزا بن گئی؟ اگر معاہدے درست تھے تو عوام کو پوری تفصیل بتائی جائے۔اگر غلط تھے تو ذمہ دار کون تھا؟ اگر شرائط نا قابلِ برداشت تھیں تو انہیں قبول کس نے کیا؟

اگر اصلاح ہو چکی ہے تو پھر عام آدمی کے بل میں اس اصلاح کی خوشبو کیوں نہیں آتی؟ اور اگر نظام واقعی ناگزیر ہے تو پھر اس کا سارا بوجھ صرف اس شخص کی کمر پر کیوں ہے جس کی تنخواہ پہلے ہی مہنگائی کے سامنے ہار چکی ہے؟ یہ سوال حکومت سے بھی ہے اور حزبِ اختلاف سے بھی۔ کیونکہ عوام کے مسئلے پر خاموشی اختیار کرنے والی اپوزیشن صرف حکومت کی مخالف ہوتی ہے، نظام کی نہیں۔ اگر ہزاروں ارب روپے کی ادائیگی کے اعداد سامنے آنے کے بعد بھی سیاسی جماعتوں کا مرکزی سوال یہ ہے کہ اگلا الیکشن کون جیتے گا، اگلی حکومت کس کی ہوگی اور اگلی کرسی کس کو ملے گی، تو پھر عوام کو بھی سمجھ لینا چاہیے کہ ان کی لڑائی اقتدار کی لڑائی سے الگ ہے۔

عوام پوچھ رہے ہیں: بل کیسے دیں؟ سیاست پوچھ رہی ہے: حکومت کیسے لیں؟ یہ دو سوال پاکستان کے موجودہ بحران کا پورا نوحہ ہیں۔ ذرا کسی متوسط گھر میں بیٹھ کر دیکھئے۔ باپ بجلی کا بل ہاتھ میں لیے خاموش ہے۔ ماں حساب لگا رہی ہے کہ اس مہینے کون سی چیز چھوڑ دی جائے۔ بچہ شاید نہیں جانتا کہ اس کی ٹیوشن کیوں بند ہوئی۔ دکاندار سوچ رہا ہے کہ مزید بجلی مہنگی ہوئی تو شٹر کیسے اٹھائے گا، چھوٹی فیکٹری کا مالک مشین بند کر کے مزدور کو کیا جواب دے گا؟

یہ لوگ معاشیات کی اصطلاحیں نہیں جانتے۔ انہیں لیپیسٹی پیمنٹ، گردشی قرضہ، ٹیرف ایڈجسٹمنٹ اور پاور پرچیز ایگریمنٹ کی باریکیاں نہیں آتیں۔ انہیں صرف اتنا معلوم ہے کہ مہینے کے آخر میں پیسے ختم ہو جاتے ہیں، لیکن بل ختم نہیں ہوتے اور شاید حکمران طبقے کا سب سے بڑا المیہ یہی ہے کہ اسے اعداد تو دکھائی دیتے ہیں، ان اعداد کے پیچھے کھڑے انسان دکھائی نہیں دیتے۔

دو ہزار نو سو پینتیس ارب روپے ایک عدد نہیں یہ سوال ہے، یہ فردِ جرم ہے، یہ اس معاشی بندوبست کے دروازے پر عوام کی دستک ہے جس میں ریاست طاقتور سے معاہدہ نبھاتی ہے اور کمزور سے قربانی مانگتی ہے، قوم قربانی دیتی رہی ہے، ٹیکس کے نام پر، مہنگائی کے نام پر، قرض اتارنے کے نام پر، معیشت بچانے کے نام پر، بجلی کے نام پر، مگر اب سوال قربانی کا نہیں، حساب کا ہے قوم کو بتایا جائے کہ اس کے نام پر کیے گئے فیصلوں سے کس نے فائدہ اٹھایا، کس نے نقصان کا تخمینہ غلط لگایا، کس نے ناقص شرائط قبول کیں اور کس نے وقت پر انہیں درست نہیں کیا۔

اور سیاسی جماعتوں کو بھی فیصلہ کرنا ہوگا وہ عوام کی نمائندہ ہیں یا صرف اقتدار کی امیدوار؟ کیونکہ بعض اوقات خاموشی غیر جانبداری نہیں ہوتی۔ خاموشی بھی ایک سیاسی بیان ہوتی ہے اور ہزاروں ارب روپے کے بوجھ تلے دبے ہوئے عوام کے سامنے سیاسی طبقے کی یہ خاموشی شاید یہی پیغام دے رہی ہے تم بل بھرتے رہو، ہم سیاست کرتے رہیں گے لیکن تاریخ میں ایک لمحہ ایسا ضرور آتا ہے جب بل ادا کرنے والا آدمی حساب مانگنا شروع کر دیتا ہے اور جس دن پاکستان کے عام آدمی نے بجلی کے بل کو صرف واجب الادا رقم نہیں بلکہ اپنے ووٹ کا سوال بنا لیا، اس دن شاید ایوانوں میں پہلی مرتبہ بجلی واقعی گرے گی۔ کیونکہ قومیں مہنگی بجلی سے نہیں مرتیں وہ اس وقت ٹوٹتی ہیں جب ان کے دکھ کی کوئی سیاسی قیمت باقی نہ رہے۔

ایک سعودی آئل کمپنی کا افغانستان سے معاہدہ اور زلمے خلیل زاد

نصرت جاوید

نوجوانی میں افغانستان سے کئی دہائیاں قبل وظیفے پر اعلیٰ تعلیم کے بہانے امریکہ منتقل ہوا زلمے خلیل زاد عالمی سطح کا وارداتیا ہے۔ موقع شناس اور موقع پرست شخص ہے۔ پاکستان سے نفرت اس کی گھٹی میں شامل ہے۔اس کی لگائی ہر گیم کو سنجیدگی سے لینے سے قبل سو بار سوچنا چاہیے۔ خود کو ابدی بدنصیب محسوس کرتے چند پاکستانی مگر اس کی چالوں سے بوکھلا جاتے ہیں۔

پیر کی رات سے سوشل میڈیا پر چھائے ''ذہن سازوں'' کا ایک گروہ تسلسل سے دہائی مچا رہا ہے کہ سعودی حکومت نے مبینہ طور پر افغانستان میں تیل اور گیس کی تلاش کے لئے 50 ارب ڈالر (50 ملین نہیں ارب ڈالر) کی سرمایہ کاری کا فیصلہ کیا ہے۔ مذکورہ ''خبر'' کا حوالہ دیتے ہوئے سوال اٹھائے جا رہے ہیں کہ حال ہی میں ترک و احتشام سے طے ہوئے میثاقِ مکہ کے بعد برادر ملک نے پاکستان کے بجائے طالبان کے قبضے میں گئے افغانستان میں ایسی سرمایہ کاری کا فیصلہ کیوں کیا۔ طالبان حکومت سے سعودی عرب نے سفارتی تعلقات بھی استوار نہیں کئے ہیں۔ ان کے بغیر بھی افغانستان میں خیرہ کن سرمایہ کاری پاکستان کو کیا پیغام دے رہی ہے۔

سوشل میڈیا پر مچائی دہائی نے تحقیق کو مجبور کیا تھا۔ یہ دریافت کرنے میں 20 منٹ بھی صرف نہ ہوئے کہ سعودی حکومت نہیں برادر ملک کے ایک شہری کی تیل کے عالمی دھندے کے ساتھ کئی دہائیوں سے جڑی کمپنی نے افغانستان کے مغرب میں واقع تاریخی شہر ہرات کے قریب ایران جانے والے ایک دریا سے منسلک زمین میں 200 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری سے تیل اور گیس کی تلاش کا معاہدہ کیا ہے۔ تیل کے مقابلے میں مذکورہ علاقے سے گیس کی دریافت کے امکانات زیادہ روشن ہیں۔ وہ دریافت ہوگئی تو طے کیا جائے گا کہ گیس کی جو مقدار ممکنہ طور پر میسر ہے اسے ہرات شہر کو بجلی فراہم کرنے والے کارخانوں میں استعمال کیا جاسکتا ہے یا نہیں۔ وافر مقدار میں گیس کی دریافت ہرات شہر میں انڈسٹریل زون کے قیام کی راہ ہموار کرسکتی ہے۔ بے پناہ ذخائر مل جانے کی صورت گیس پاکستان کی سرحد کے قریب قندھار کے سپین بولدک تک 700 کلومیٹر لمبی پائپ لائن کے ذریعے لے جانے کے لئے وسیع پیمانے پر سرمایہ کاری کے امکانات روشن ہو جائیں گے۔ فی الوقت دور رس امکانات کا جائزہ لینے کے لئے فقط 200 ملین ڈالر خرچ کئے جائیں گے۔ عالمی نقشے دیکھیں

طالبان کا یہ قلم گھسیٹ 1990ء کی دہائی سے شدید ناقد رہا ہے۔ ان سے بھلائی کی توقع باندھنے کی حماقت سے ہمیشہ گریز کیا۔ چھ برس قبل کابل میں بطور فاتح لوٹنے کے بعد اپنے پاکستان دشمن رویے سے وہ میری سوچ کو درست ثابت کر رہے ہیں۔ ان کے رویے کے باوجود بطور انسان انتہائی خلوص سے یہ سوچتا ہوں کہ 1978ء سے مسلسل خانہ جنگیوں اور غیر ملکی قبضوں کی زد میں رہے افغان عوام امن و خوش حالی کے مستحق ہیں۔ ربّ کریم ان پر رحم کرے۔ وہاں کی خلقت پر تعلیم، روزگار اور خوشحالی کے دروازے کھلیں۔ افغان عوام کی خوش حالی ہمارے خطے کو پرامن رکھنے میں مددگار ثابت ہوگی۔

نیک تمناؤں کے پرخلوص اعتراف کے بعد اطلاع آپ کو یہ دینا ہے کہ زلمے خلیل زاد سعودی کمپنی کے طالبان کیساتھ سرمایہ کاری کا معاہدہ ہونے کی تقریب میں موجود تھا۔ اس نے وہاں چکنی چپڑی تقریر سے یہ خواب بھی دکھائے کہ ہرات میں تیل اور گیس کی دریافت کے بعد افغانستان وسطی ایشیٔ کے ترکمانستان جیسے ممالک کے تیل اور گیس کے ذخائر جنوبی ایشیاء کے ممالک تک پہنچانے کا مرکز بن سکتا ہے۔

غور طلب حقیقت یہ بھی ہے کہ اس کا خطاب عالمی میڈیا نے تقریباً نظرانداز کیا۔ عرب میڈیا میں بھی اس کا ذکر نہ ہونے کے برابر ہے۔ اسرائیل کا مگر ایک باا ثر اخبار ہے۔ نام ہے اس کا ''یروشلم پوسٹ''۔ اس نے سعودی کمپنی کی جانب سے طالبان کے ساتھ ہوئے معاہدے کو تفصیلی خبر کے ذریعے اجاگر کیا۔ مذکورہ خبر کو پھیلانے کے لئے زلمے خلیل زاد نے اپنے ایکس اکاؤنٹ سے اسے پوسٹ کیا۔ اس کی دانست میں جو منصوبہ افغانستان کو وسطی ایشیا کے قدرتی وسائل جنوبی ایشیا تک پہنچانے کا ذریعہ بنایا جاسکتا ہے اسے ان دونوں خطوں کے ممالک کے نام لکھ کر پوسٹ کیا۔ پاکستان کو مگر ان ملکوں میں شامل نہیں کیا۔ تازہ خبریں پڑھیں

زلمے خلیل زاد کے دل و دماغ میں پاکستان کے خلاف جمع ہوئے بغض کی نشاندہی کے لئے اس کی ''یروشلم پوسٹ'' پر لگائی پوسٹ پر توجہ ہی کافی ہے۔ جس سعودی کمپنی کو وہ گھیر کر افغانستان لایا ہے اس کا نام ہے ڈیلٹا۔ یاد رہے کہ طالبان کی پہلی حکومت کے دوران بھی TAP کے عنوان سے ایک منصوبہ تیار ہوا تھا۔ اس کے ذریعے ترکمان کی گیس کو بذریعہ افغانستان پاکستان لانا مقصود تھا۔ TAP یوں ترکمانستان، افغانستان اور پاکستان کے لئے استعمال ہوا۔ بعد ازاں انگریزی حرف (پی) کے بعد (آئی) یعنی انڈیا بھی شامل کر دیا گیا۔ بھارت تک افغانستان اور پاکستان کے ذریعے ترکمانستان کی گیس پہنچانے کی بات چلی تو امریکہ کی ایک کمپنی UNOCAL اس میں سرمایہ کاری کے لئے بے تاب ہوگئی۔ یہ اطلاع سن کر حیران نہ ہوں کہ زلمے خلیل زاد نے افغان نژاد ہونے کا چورن بیچتے ہوئے مذکورہ کمپنی کے لئے TAPI میں سرمایہ کاری کے امکانات کا جائزہ لینے کی رپورٹ تیار کی۔ طالبان کا دل جیتنے کے لئے 1997ء میں اس نے واشنگٹن پوسٹ کے لئے مضامین بھی لکھے۔ ان کے ذریعے امریکہ کو مائل کرنے کی کوشش کی کہ طالبان سے دوری اختیار کرنے کے بجائے واشنگٹن کو انہیں وسط ایشیائی ممالک کو جنوبی ایشیاء ل کے ساتھ ملانے کے دیرپا اور دور رس منصوبوں میں شامل کرنا چاہیے۔ اس کی کاوشوں سے دسمبر 1997ء میں طالبان کا آٹھ رکنی وفد یونوکول کمپنی کے امریکی ریاست ٹیکساس کے ہیوسٹن میں واقع ہیڈکوارٹر بھی گیا۔ TAPI منصوبے پر عملدرآمد کے لئے اس دورے کے دوران چند افغانوں کو یونیورسٹی آف نبراسکا کے ذریعے پائپ لائن کی تعمیر کی مہارت کے حصول کیلئے تربیت کے منصوبے بھی تیار ہوئے۔ جس سعودی کمپنی۔ ڈیلٹا۔ نے ہرات میں تیل اور گیس کی تلاش کے لئے طالبان کے ساتھ پیر کے روز معاہدہ کیا ہے وہ یونوکول سے بھی شراکت داری کو تیار تھی۔ 1998ء میں لیکن امریکہ نے کینیا میں ہوئے دھماکوں کا الزام القاعدہ پر عائد کرتے ہوئے طالبان کے کامل اقتصادی مقاطعے کا فیصلہ کیا اور TAPI منصوبہ ٹھپ ہوگیا۔ عالمی نقشے دیکھیں

مختصر الفاظ میں عرض یہ کرنا ہے کہ طالبان کی گزشتہ حکومت کے دور سے زلمے خلیل زاد انہیں امریکی اور عالمی سرمایہ کاروں کے خیرخواہوں کی صورت مارکیٹ کرنے میں مصروف رہا ہے۔ ڈیلٹا سے روابط بھی اسی دور میں استوار کئے تھے۔ طالبان کے دوسرے دور حکومت میں وہ ایک اور معجون بیچنے کی کاوشوں میں مصروف ہے۔ ایسے موقع شناس اور موقع پرست شخص کی چالوں اور منصوبوں کو ٹھوس پس منظر میں جانچنا چاہیے۔ مبالغہ آمیز کہانیوں پر خود کی ملامت سے گریز اختیار کرنے ہی میں عافیت ہے۔

انسان تھا کہ حیوان؟

عبداللہ طارق سہیل

سرجانی ٹاؤن کراچی کے ایک گھر کی ٹنکی سے اڑھائی ماہ کی بچی کی لاش ملی ہے جس کا نام فاطمہ تھا۔ اڑھائی ماہ کی بچی خود چل کر پانی کی ٹنکی پر نہیں چڑھ سکتی تھی۔ کسی نے اسے مار کر یا شاید زندہ ہی ٹنکی میں پھینک دیا ہوگا۔ یہ کون ہوسکتا ہے؟۔ انسان یا کوئی حیوان؟

اِدھر پچھلے ایک مہینے میں ہر دن کے حساب سے چھوٹی عمر کے بچے قتل کئے جا رہے ہیں۔ اسی ماہ کے شروع میں چناب نگر سے خبر آئی کہ 2، 4 اور 6 سال کی عمر کے تین بہن بھائی قتل کر کے ان کی لاشیں کھیت میں دفن کر دی گئیں۔ بعد میں پتہ چلا کہ تینوں ننھے منھے بچے باپ کے ہاتھوں قتل ہوئے۔ یہ باپ کون تھا؟۔ انسان کہ حیوان؟۔

قتل کی ایک قسم اور بھی ہے اور ایسی کہ لکھنے والا ٹھیک سے لکھ سکے نہ بتانے والا ٹھیک سے بتا سکے۔ مثلاً گجرات میں 4 سالہ بچی نور فاطمہ کے ساتھ پہلے ایک ناقابل بیان ظلم کیا گیا۔ پھر بے ہوشی کی حالت میں بوری بند کر کے نالے میں بہا دیا۔ ناقابل بیان ظلم کرنے والا قاتل مقتولہ کا کزن تھا۔ یہ کزن انسان تھا کہ حیوان؟

کلر سیداں کے مدرسے میں مولوی صاحب نے ایک بچے کو اتنا مارا کہ وہ مر گیا۔ یہ مولوی انسان تھا کہ حیوان؟

اسلام آباد کے ای الیون میں 13 سالہ گھریلو ملازم کو مالک نے قتل کر کے لاش پھندے سے لٹکا دی۔ یہ مالک انسان تھا کہ حیوان؟۔

مصری پور ایک 5 سالہ آیت نور کو 5 افراد نے اغوا کیا اور پانچوں نے اس کے ساتھ ناقابل بیان حرکت کی۔ آیت نور ابتدا ہی میں مر گئی اس کی لاش کنوئیں میں پھینک دی گئی۔ ڈی ایس پی ایک خاتون ہے، وہ قاتلوں کی تلاش کے بجائے مقتولہ کی ماں سے بار بار پوچھتی رہی تمہارے کتنے آشنا ہیں؟۔ یہ قاتل کون تھے۔ انسان کہ حیوان اور یہ ڈی ایس پی صاحبہ کون ہیں؟۔ انسان کہ......؟ جھنگ کے الزید ٹاؤن میں ایک بچے کو کہ اس کی عمر محض ایک سال تھی کہ تشدد کا نشانہ بنایا گیا، اتنا مارا گیا کہ وہ مر گیا۔ مارنے والا مقتول کی ماں کا رشتہ دار تھا۔ یہ کون تھا۔ انسان کہ حیوان؟

نو نو ماہ، 3،3 ماہ کی بچیوں کو اس طریقے سے قتل کیا جا رہا ہے۔ یہ واقعات تواتر سے آ رہے ہیں۔ اخبارات کے آخری صفحے پر چند سطر کی خبر چھپتی ہے کہ نئے صوبوں کی بحث چھاپنے کے بعد ایسی خبروں کیلئے جگہ بچتی ہی کہاں ہے؟۔

انسان تھے کہ حیوان؟۔ یہ سوال بار بار اس لئے پوچھنا پڑتا ہے کہ تبصروں میں اس طرح کے جملے مسلسل دہرائے جاتے ہیں کہ یہ کام کرنے والا انسان نہیں ہوسکتا، ضرور یہ کوئی حیوان ہی ہوگا۔ انسان یہ کام نہیں کرسکتا۔ لیکن مندرجہ بالا تمام واقعات اور اس طرح کے دیگر واقعات پر ہونے والی کارروائی سے پتہ چلتا ہے کہ سبھی مجرم انسان تھے۔ کسی حیوان کی گرفتاری عمل میں نہیں آئی، تاریخ کا ریکارڈ بھی ایسے واقعات میں کسی حیوان کے ملوث ہونے کا کہیں ذکر نہیں ملتا۔ یہ جو کچھ ہوا، انسانوں نے ہی کیا۔ ماہرین حیوانیات کہتے ہیں حیوان ایسی حرکتیں نہیں کرتے، کر ہی نہیں سکتے۔ یہ انسانی ''خواص'' ہیں جو موقع بے موقع، جابجا ظاہر ہوتے ہیں۔ حیوانی امور کے ماہرین کہتے ہیں کہ انسانی صفات جانوروں میں موجود ہی نہیں ہیں۔ پھر یہ دعویٰ کیوں کیا جاتا ہے کہ مذکورہ فعل کرنے والا انسان نہیں ہوسکتا۔ حالانکہ ضرور کوئی انسان ہی ہوگا جس نے یہ حرکت کی، یہ کہنا چاہئے تھا۔

بہت برس بیتے، قصور کی 5 سالہ زینب سے ایسی ہی انسانی حرکت کی گئی۔ اس وقت آپریشن گیٹ نواز شریف کی ابتدا ہو چکی تھی۔ چنانچہ تمام اخبارات کی شہ سرخی یعنی لیڈ سٹوری یہی خبر تھی۔ پہلے صفحات اسی کیس کی خبروں سے بھرے ہوتے تھے۔ جملہ سیاستدان اور اداروں کے سربراہان قصور کے دورے کر رہے تھے۔ تمام ٹی وی چینلز کے تمام پرائم ٹائم شو اسی خبر کیلئے وقف تھے۔

اب ہر روز ایک زینب ماری جا رہی ہے۔ اخبارات میں چند سطری خبر، ٹی وی سکرین پر چند سیکنڈ کا ٹکر اس کی کوریج کیلئے کافی ہوتا ہے۔

یہ اجتماعی فیصلے کون کرتا ہے کہ کسی زینب کی خبر لیڈ سٹوری بنی ہے اور کسی کی چند سطری سنگل کالمی خبر۔

یہ فیصلے کون کرتا ہے کہ ٹی وی پر تمام ٹاک شو کس بارے میں بات کرنے کیلئے مہمانوں کو بلائیں گے۔ کون یہ طے کرتا ہے کہ اگر 20 ہزار آمدنی والے کسی شخص کو 50 ہزار کا بل آ گیا اور وہ ہارٹ اٹیک سے چل بسا ہے تو اس کی خبر نہیں چھپے گی، صرف ایک انگریزی اخبار نے غلطی سے یہ خبر چھاپ دی تو اس کیخلاف کیا کارروائی ہوئی اور اس سے بھی بڑھ کر یہ سوال کہ کون یہ فیصلے کرتا ہے کہ مزدور کو 50 ہزار بل بھیجا جائے اور ایلیٹ کلاس کو ''مفت بجلی'' کی سہولت دی جائے؟۔

انٹرنیٹ کا دور ہے۔ کہیں بھی، دنیا کے کسی بھی ملک میں کوئی بچہ اس طرح سے قتل ہو جائے کہ خبر دینے والا انسان تھا کہ حیوان والا سوال اٹھائے، تو اس کی خبر آ جاتی ہے۔ دنیا بھر کے اخبارات نیٹ پر پڑھنے کی ضرورت نہیں، خبریں سرچ کرتے ہوئے خود بخود خبر بھی اور اعداد و شمار بھی سامنے آ جاتے ہیں۔ ایسے واقعات بھارت میں بھی ہوتے ہیں جو ہم سے سات گنا زیادہ آبادی والا ملک ہے لیکن وہاں ایسے جرائم، انسان کہ حیوان والے جرائم پاکستان سے کئی گناہ کم ہوتے ہیں۔ کیا بھارت میں انسانیت ہم سے کم ہے؟۔

کون یہ فیصلے کرتا ہے کہ سماج اس طرح کے واقعات سے لاتعلق رہے۔ میڈیا پر، سوشل میڈیا پر، مباحث کرانے والے فورموں پر، تھنک ٹینکوں کے سٹیج پر ہر طرح کی بات ہو گی، سوائے اس رجحان کے جو اب بڑھتا جا رہا ہے۔ یہ فیصلے کون کرتا ہے۔

گرین پولیسنگ: وفاقی حکومت کا ماحول دوست اقدام

اسداللہ غالب

وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں پولیسنگ کے نظام میں ایک نیا اور خوش آئند باب اس وقت رقم ہوا جب وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت منعقدہ تقریب میں اسلام آباد پولیس کو جدید، محفوظ اور ماحول دوست پولیسنگ کے فروغ کے لیے 50 الیکٹرک گاڑیاں فراہم کر دی گئیں۔ یہ محض ایک سرکاری تقریب نہیں بلکہ اس سوچ کی عملی تعبیر ہے جو حکومت شہریوں کی خدمت اور تحفظ کے حوالے سے رکھتی ہے۔ وزیراعظم نے خود اس موقع پر شرکت کی اور الیکٹرک گاڑیوں کی چابیاں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور انسپکٹر جنرل اسلام آباد پولیس سید علی ناصر رضوی کے حوالے کیں، جو اس بات کی علامت ہے کہ حکومت اس اقدام کو کس قدر اہمیت دیتی ہے۔

وزیراعظم شہباز شریف نے اس موقع پر جو الفاظ کہے وہ دراصل حکومت کی ترجیحات کا خلاصہ ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے اور حکومت اسلام آباد پولیس کو جدید پولیسنگ کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ہر ممکن وسائل فراہم کر رہی ہے۔ یہ بیان محض روایتی سیاسی جملہ نہیں بلکہ زمینی حقائق کے عین مطابق ہے، کیونکہ آج دنیا بھر میں پولیسنگ کا معیار جدید ٹیکنالوجی، ماحولیاتی شعور اور شہریوں کی سہولت کے امتزاج سے جانچا جاتا ہے، اور اسلام آباد پولیس اب اسی معیار کی جانب عملی قدم بڑھا رہی ہے۔

الیکٹرک گاڑیوں کی فراہمی کا سب سے نمایاں پہلو یہ ہے کہ اس سے پولیس کے یومیہ آپریشنل اخراجات میں نمایاں کمی متوقع ہے۔ روایتی پٹرول یا ڈیزل گاڑیوں کے مقابلے میں الیکٹرک گاڑیوں کا چلانا اور ان کی دیکھ بھال کہیں کم خرچ ثابت ہوتی ہے، جس سے بچنے والے وسائل کو دیگر اہم شعبوں، مثلاً افرادی قوت کی تربیت، جدید آلات کی خریداری یا شہریوں کے لیے سہولیات کی بہتری پر خرچ کیا جا سکتا ہے۔ یوں یہ اقدام صرف ماحولیاتی نقطہ نظر سے ہی نہیں بلکہ مالی تدبر کے اعتبار سے بھی ایک دانشمندانہ فیصلہ ہے۔ اس اقدام کا دوسرا اہم پہلو ماحولیاتی تحفظ ہے۔ وزیراعظم نے واضح طور پر کہا کہ ان نئی الیکٹرک گاڑیوں کا مقصد پولیسنگ کے نظام میں ماحول دوست اور گرین پولیسنگ کو فروغ دینا ہے۔ اسلام آباد، جو وفاقی دارالحکومت ہونے کے ساتھ ساتھ اپنی فطری خوبصورتی اور سرسبز ماحول کے لیے بھی جانا جاتا ہے، اس طرح کے اقدامات سے اپنی اس شناخت کو مزید مستحکم کرے گا۔ فضائی آلودگی، جو آج دنیا بھر کے بڑے شہروں کا مشترکہ مسئلہ بن چکی ہے، اس کے تدارک کے لیے سرکاری اداروں کا اپنی گاڑیوں کے بیڑے کو الیکٹرک نظام کی جانب منتقل کرنا ایک ایسی مثال ہے جسے دیگر سرکاری محکمے اور نجی ادارے بھی اپنا سکتے ہیں۔

وزیراعظم نے اس موقع پر یہ بھی کہا کہ اسلام آباد پولیس کو ملک کے دیگر شہروں کے لیے رول ماڈل ہونا چاہیے۔ یہ ایک نہایت مثبت اور حوصلہ افزا سوچ ہے، کیونکہ جب دارالحکومت کی پولیس جدید خطوط پر استوار ہو کر مثالی کارکردگی دکھائے گی، تو دیگر صوبائی اور شہری پولیس فورسز کے لیے بھی یہ ایک تحریک اور رہنما اصول کا کام دے گا۔ گورننس میں بہتری کا یہ سفر اگر دارالحکومت سے شروع ہو کر باقی ملک تک پھیلے تو یقیناً پورے پاکستان میں پولیسنگ کے معیار میں انقلابی تبدیلی آ سکتی ہے۔ اس موقع پر ایک اور اہم پیش رفت بھی سامنے آئی، جب انسپکٹر جنرل اسلام آباد پولیس سید علی ناصر رضوی نے وزیراعظم کو ایک نئی خصوصی فورس ''کیپٹل پٹرول'' کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی، جو خاص طور پر وفاقی دارالحکومت کی سکیورٹی کے لیے تشکیل دی گئی ہے۔ یہ نئی فورس اور جدید الیکٹرک گاڑیاں دونوں مل کر اسلام آباد میں پولیسنگ کے ایک نئے دور کا آغاز کرتی نظر آتی ہیں، جہاں سکیورٹی، ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی ذمہ داری کو ایک ساتھ مدنظر رکھا جا رہا ہے۔ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے پولیس کی کارکردگی میں بہتری کا تعلق صرف گاڑیوں کی تبدیلی تک محدود نہیں بلکہ اس کے وسیع تر اثرات شہریوں کو فراہم کی جانے والی خدمات کے معیار پر بھی مرتب ہوں گے۔ الیکٹرک گاڑیاں جدید مانیٹرنگ اور ٹریکنگ نظام سے لیس ہونے کی وجہ سے پولیس کی نقل و حرکت کو زیادہ موثر اور شفاف بنانے میں مدد دیتی ہیں، جس سے شہریوں کو ہنگامی حالات میں تیز تر ردِعمل میسر آ سکے گا۔ یوں یہ اقدام محض علامتی نوعیت کا نہیں بلکہ عملی طور پر شہریوں کی حفاظت اور سہولت میں براہ راست بہتری کا باعث بنے گا۔

اسلام آباد پولیس کو ماحول دوست وسائل سے آراستہ کرنے کا یہ اقدام دراصل اس وسیع تر حکومتی وژن کا حصہ ہے جس کے تحت پاکستان کو جدید دنیا کے ہم پلہ لانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ آج دنیا کے ترقی یافتہ شہروں میں سرکاری اداروں کا سبز توانائی اور ماحول دوست ٹیکنالوجی کی جانب رخ کرنا معمول بن چکا ہے، اور پاکستان کا اپنے دارالحکومت سے اس سفر کا آغاز کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ ملک عالمی رجحانات سے ہم آہنگ ہونے کے لیے سنجیدہ اور فعال کردار ادا کر رہا ہے۔ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ اس نوعیت کے اقدامات کا اثر صرف انتظامی سطح تک محدود نہیں رہتا بلکہ عام شہری کے روزمرہ تجربے پر بھی مثبت انداز میں مرتب ہوتا ہے۔ جب کوئی شہری سڑک پر خاموشی سے گزرتی ہوئی الیکٹرک پولیس گاڑی دیکھتا ہے، تو اس کے ذہن میں ایک ایسے ادارے کا تاثر ابھرتا ہے جو وقت کے ساتھ چلنا جانتا ہے، جو محض روایتی طریقوں پر اکتفا نہیں کرتا بلکہ جدید دنیا کے تقاضوں کو سمجھتے ہوئے خود کو ڈھالنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ایسا تاثر ادارے پر شہریوں کے اعتماد کو مضبوط کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے، اور اعتماد ہی وہ بنیاد ہے جس پر موثر پولیسنگ کی پوری عمارت استوار ہوتی ہے۔

مزید برآں، الیکٹرک گاڑیوں کا یہ بیڑہ نوجوان نسل کے لیے بھی ایک مثبت پیغام رکھتا ہے۔ آج کی نسل ماحولیاتی مسائل کے حوالے سے پہلے سے کہیں زیادہ باشعور ہے اور وہ اداروں کو بھی اسی نظر سے دیکھتی ہے کہ آیا وہ ماحولیاتی ذمہ داری کو سنجیدگی سے لیتے ہیں یا نہیں۔ جب سرکاری ادارے، خاص طور پر پولیس جیسا اہم ادارہ، عملی طور پر گرین ٹیکنالوجی اپناتا ہے، تو یہ نوجوانوں کے لیے ایک تحریک بنتا ہے کہ وہ بھی اپنی روزمرہ زندگی میں ماحول دوست عادات اپنائیں۔ اس طرح یہ اقدام محض ایک انتظامی فیصلہ نہیں بلکہ ایک وسیع تر سماجی شعور کے فروغ کا ذریعہ بھی بن جاتا ہے۔ اس کے علاوہ، سرمایہ کاری کے تناظر میں بھی یہ فیصلہ دور اندیشی پر مبنی معلوم ہوتا ہے۔ جیسے جیسے دنیا بھر میں الیکٹرک گاڑیوں کی صنعت ترقی کر رہی ہے اور ان کی چارجنگ انفراسٹرکچر میں بہتری آ رہی ہے، ویسے ویسے ان گاڑیوں کے آپریشنل فوائد بھی بڑھتے جائیں گے۔ اسلام آباد پولیس کا آج اس سمت میں قدم بڑھانا دراصل مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا ایک دانشمندانہ فیصلہ ہے، جس کے ثمرات آنے والے برسوں میں مزید نمایاں ہوتے جائیں گے۔ یہی وہ سوچ ہے جو کسی بھی ادارے کو وقت کے ساتھ آگے بڑھنے اور خود کو متعلقہ رکھنے میں مدد دیتی ہے۔ مجموعی طور پر دیکھا جائے تو اسلام آباد پولیس کو فراہم کی جانے والی یہ 50 الیکٹرک گاڑیاں محض ایک انتظامی اقدام نہیں بلکہ ایک وسیع تر تبدیلی کی نوید ہیں۔ یہ تبدیلی جدید حکمرانی، ماحولیاتی ذمہ داری اور شہریوں کی فلاح کے سنگم پر کھڑی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر قیادت حکومت کا یہ عزم کہ اسلام آباد پولیس کو دیگر شہروں کے لیے مثال بنایا جائے، اگر اسی جذبے سے آگے بڑھتا رہے تو وہ دن دور نہیں جب پورے پاکستان میں پولیسنگ کا نظام جدید، محفوظ اور ماحول دوست خطوط پر استوار ہوگا۔

نوٹ:۔ کالم نگاروں کی اپنی رائے ہے اس سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

بقیہ 1

کہ مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ نافذ العمل ہے اور پاکستان معاہدے کے تقاضوں کے مطابق کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ فی الحال پاکستان اور کسی فریق کے درمیان اس نوعیت کی کسی تجویز یا معاملے پر کوئی بات چیت نہیں ہو رہی۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب اور پاکستان کا دو طرفہ دفاعی معاہدہ بھی ہے اور دونوں سہ ملکی معاہدے میں بھی شامل ہیں۔ ترجمان کے مطابق مکہ معاہدہ خالصتاً دفاعی نوعیت کا ہے اور خطے کی سلامتی کو بنیادی طور پر ڈیٹرنس کے ذریعے یقینی بنانے کے لیے ایک دفاعی اتحاد ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ موجودہ مکہ معاہدے میں پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب شامل ہیں، جو معاہدے کے تحت باقاعدگی سے ملاقاتیں اور مختلف سطحوں پر مشاورت کر رہے ہیں۔ تینوں ممالک مسلسل ایک دوسرے سے رابطے میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پہلے پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کو اپنی تنظیم اور تعاون کو مزید مستحکم کرنا ہے بعد ازاں مکہ معاہدہ ان تمام ممالک کے لیے کھلا ہوگا جو یکساں مقف، سوچ اور ضروریات رکھتے ہوں، تاہم فی الحال مکہ معاہدے میں توسیع کی بات نہیں ہو رہی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ابھی تینوں بانی ممالک مکہ معاہدے کے حوالے سے جزئیات طے کر رہے ہیں۔ معاہدے کے بنیادی نکات طے ہونے کے بعد توسیع کی بات ہوگی۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ ایران کے ساتھ تجارت کے معاہدوں پر پاکستان اپنے قومی مفاد میں فیصلہ کرے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان کی جانب سے ایران کو وارننگ دینے کے حوالے سے رائٹرز کی رپورٹ بے بنیاد ہے۔ ترجمان نے کہا کہ کشمیر ایک بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ تنازع ہے اور اقوام متحدہ خود اس حقیقت کی تصدیق کرتا ہے۔ اقوام متحدہ کی ویب سائٹ پر موجود نقشے بھی جموں و کشمیر کی متنازع حیثیت کی عکاسی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت جموں و کشمیر کو جھوٹ کے ذریعے اور غیر قانونی طور پر اپنا حصہ ظاہر کرنے کی کوشش کر رہا ہے جو پاکستان اور عالمی برادری کے لیے قابل قبول نہیں۔ جموں و کشمیر سے متعلق اقوام متحدہ کی ایک درجن سے زائد سلامتی کونسل کی قراردادیں تاحال زیر التوا ہیں۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق جموں و کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ کشمیری عوام اقوام متحدہ کی نگرانی میں استصواب رائے کے ذریعے کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی گزشتہ ایک سالہ رکنیت کے دوران جموں و کشمیر کا معاملہ مسلسل موثر انداز میں اجاگر کیا جبکہ پاکستانی مشن نے بھی اس معاملے پر اقوام متحدہ میں فعال کردار ادا کیا۔ ترجمان نے بتایا کہ جموں و کشمیر کے معاملے پر اقوام متحدہ میں اریا فارمولا اجلاس بھی منعقد کیا گیا جبکہ اقوام متحدہ میں معاہدوں کو برقرار رکھنے اور مؤثر رکھنے کی اہمیت پر ایک قرارداد بھی اتفاق رائے سے منظور کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر اور فلسطین کے تنازعات اقوام متحدہ میں تقریباً روزانہ کی بنیاد پر بحث اور گفتگو کا فعال موضوع ہیں، وزیراعظم، وزیر خارجہ اور نائب وزیراعظم بیرون ملک دوروں کے دوران کشمیر اور فلسطین کے معاملات مسلسل اجاگر کرتے ہیں۔ ترجمان کے مطابق پاکستانی قیادت پاکستان آنے والی یا دیگر ممالک میں ملاقات کرنے والی تمام اہم شخصیات کے سامنے بھی کشمیر اور فلسطین کے مسائل پر بات کرتی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ حکومت پاکستان کی جانب سے تمام افغان طلبہ کو واپس بھیجنے کا فیصلہ نہیں کیا گیا، تعلیمی ویزا ہونے کے باوجود یونیورسٹی میں رجسٹر نہ ہونے والے طلبہ کو واپس بھیجا جا رہا ہے جبکہ ویزا اور یونیورسٹی رجسٹریشن والے طلبہ کو واپس نہیں بھیجا جا رہا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب سے متعلق بیان کو مس کوٹ کیا گیا۔ ترجمان پنجاب حکومت نے اس بارے میں وضاحت بھی کی ہے، ہمارا موقف ہے کہ دہشت گردی کے لیے افغان سرزمین استعمال ہوتی ہے۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان نے 4 دہائیوں تک لاکھوں افغان شہریوں کی میزبانی کی اور عروج کے وقت پاکستان میں تقریباً 45 لاکھ افغان مقیم تھے، پاکستان نے افغان شہریوں کو اپنے گھروں، دفاتر، کھیل کے میدانوں اور دیگر مقامات پر جگہ دی۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی غیر ملکیوں کی وطن واپسی کے عمل کے بعد بڑی تعداد میں افغان شہری پاکستان سے واپس جا چکے ہیں، تاہم پاکستان کے مختلف حصوں میں اب بھی 10 لاکھ سے زائد افغان شہری موجود ہیں، درست تعداد آئندہ فراہم کی جائے گی۔ ترجمان کے مطابق پاکستان پرامن اور مستحکم افغانستان اور افغانستان کے ساتھ اچھے دوستانہ تعلقات کا خواہاں ہے۔ افغانستان سے پاکستان آنے والی دہشت گردی روکنا دونوں ممالک کے بہتر تعلقات کیلئے بنیادی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغان سرزمین سے پاکستان آنے والے دہشت گرد مختلف علاقوں میں موجود ہیں اور انہیں افغانستان سمیت دیگر ممالک، بشمول بھارت سے فنڈنگ مل رہی ہے۔ پاکستان افغانستان سے زیادہ کچھ نہیں مانگ رہا کیونکہ دونوں ہمسایہ ممالک کو ایک دوسرے کے ساتھ رہنا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان افغان کاز کے لیے بہت قربانیاں دے چکا اور بھرپور تعاون بھی کیا۔ پاکستان نے ہزاروں افغان طلبہ کو تعلیم کے لیے مواقع فراہم کیے اور 6 ہزار سے زیادہ افغان طلبہ پاکستان میں زیر تعلیم رہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے افغانستان میں سڑکیں اور پل تعمیر کیے، یونیورسٹیاں قائم کیں اور ایک اسپتال بھی قائم کیا۔ افغانستان کی جانب سے باہمی خیرسگالی ہو تو تعاون اور دوستانہ ماحول دوبارہ قائم ہو سکتا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ زمینی حقائق یہ ہیں کہ بھارت بالخصوص خیبرپختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردی میں ملوث ہے۔ بھارت یورپ، امریکا، کینیڈا اور آسٹریلیا میں بھی دہشت گردی میں ملوث ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بھارت میں اسلامی مقدس مقامات کی منظم اور ریاستی سرپرستی میں مسماری پر گہری تشویش اور مذمت کا اظہار کرتا ہے۔ بھارت میں اسلامی مقدس مقامات کی مختلف بہانوں سے منظم مسماری 1950 کے انڈیا پاکستان معاہدے کی بھی خلاف ورزی ہے۔ ترجمان نے کہا کہ 1950 کے معاہدے کے تحت مذہبی اقلیتوں کے حقوق اور ان کے تحفظ کی ضمانت دی گئی ہے۔ بھارت میں جاری جبر اس کے اپنے قوانین، بالخصوص 1991 کے پلیسز آف ورشپ ایکٹ کی بھی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 1991 کے پلیسز آف ورشپ ایکٹ کے تحت عبادت گاہ کا مذہبی تشخص وہی برقرار رہنا چاہیے جو 15 اگست 1947 کو تھا۔ سہارنپور کی مسجد 125 سال پرانی تھی۔ ترجمان کے مطابق ہندوتوا پر مبنی اسلاموفوبک مہم نے صدیوں پرانے ورثے اور عبادت گاہوں کو تباہ کر کے خطرے سے دوچار کر دیا ہے۔ آپوچی، اجمیر شریف اور سہارنپور کلکٹریٹ مسجد سمیت صدیوں پرانی اسلامی عبادت گاہیں ہندوتوا مہم کا نشانہ بنی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 1992 میں تاریخی بابری مسجد کی مسماری مذہبی عدم برداشت، تعصب اور نفرت پر مبنی نظریے کی ایک ہولناک یاد ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ یاسین ملک نے بہادرانہ موقف اپنا کر بھارتی عدالتی نظام کو بے نقاب کیا، پاکستان کو یاسین ملک کی بگڑتی ہوئی صحت پر تشویش ہے، پاکستان یاسین ملک کا معاملہ اور مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال پر عالمی فورمز پر بات کرتا رہے گا۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان کی اینٹی نارکوٹکس فورس نے متعدد ممالک میں سرگرم بڑے بین الاقوامی منشیات اسمگلنگ نیٹ ورک کو توڑ دیا، تاہم اس اہم کامیابی کو بدقسمتی سے میڈیا میں پوری طرح اجاگر نہیں کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ اینٹی نارکوٹکس فورس کی فراہم کردہ قابل عمل انٹیلی جنس کی بنیاد پر جولائی کے اواخر میں کراچی پورٹ پر کارروائی کی گئی جہاں تقریباً 200 کلوگرام منشیات ضبط کی گئیں۔ ترجمان کے مطابق کراچی پورٹ کارروائی میں 3 افراد کو گرفتار کیا گیا جن میں ایک افغان شہری بھی شامل تھا جسے نیٹ ورک کا مرکزی منتظم قرار دیا گیا۔ مزید تحقیقات کے بعد اینٹی نارکوٹکس فورس نے بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ اہم انٹیلی جنس شیئر کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی اینٹی نارکوٹکس فورس نے امریکی ڈرگ انفورسمنٹ ایڈمنسٹریشن کے ساتھ بھی اہم انٹیلی جنس شیئر کی جس کے تعاون سے سری لنکن حکام اور پولیس کے ساتھ رابطہ کاری ممکن ہوئی۔ ترجمان نے بتایا کہ پاکستانی انٹیلی جنس کی بنیاد پر سری لنکا کے پولیس نارکوٹکس بیورو نے 31 اگست 2026 کو کولمبو میں کارروائی کی جہاں بڑی مقدار میں منشیات ضبط کی گئی اور وسیع تر اسمگلنگ نیٹ ورک کو ناکارہ بنایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ کامیاب کارروائی بروقت انٹیلی جنس شیئرنگ کی اہمیت کو اجاگر کرتی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان نے آخری بار ساتھ ایشین گیمز کی میزبانی غالباً 2004 میں کی تھی۔ ساتھ ایشین گیمز میں دعوت نامے دفتر خارجہ کے ذریعے نہیں بلکہ متعلقہ اولمپک ایسوسی ایشنز کے ذریعے براہ راست جاری کیے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کھیلوں کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال نہیں کیا جانا چاہیے، انہیں کھیلوں کی سرگرمیوں تک محدود رکھا جانا چاہیے۔ اس گروپ میں شامل ممالک ساتھ ایشین گیمز میں شرکت کرتے ہیں اور کھیلوں میں اسپورٹس مین اسپرٹ کا مظاہرہ ہونا چاہیے۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان شراکت دار ممالک کے تعاون کو سراہتا ہے۔

بقیہ 2

وزیر ترقیات و منصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی، وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سمیت تمام محکموں کے انتظامی سیکرٹریز نے شرکت کی، اجلاس میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے محکمہ جنگلات میں بھرتیوں کے حوالے سے موصول ہونے والی بے ضابطگیوں کی شکایات کا سخت نوٹس لیتے ہوئے اعلیٰ سطحی تحقیقات کا حکم دیا انہوں نے کہا کہ اگر مصدقہ شواہد اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کے نتیجے میں کسی فرد کا جرم ثابت ہوا تو ملوث کردار کسی صورت سزا سے نہیں بچ سکیں گے۔

بقیہ 3

گورنیج نے خبردار کیا کہ پی اے سی کی ہدایات پر عملدرآمد نہ ہونے کی صورت میں معاملہ قومی احتساب بیورو (نیب) کو بھجوایا جا سکتا ہے پی اے سی نے منصوبے کے تحت نرسریوں، شجرکاری اور دیگر سرگرمیوں پر خطیر سرکاری رقم خرچ ہونے کے باوجود مطلوبہ نتائج سامنے نہ آنے پر بھی سخت برہمی کا اظہار کیا۔ کمیٹی کے مطابق 15 ارب روپے سے زائد مالیت کے اس منصوبے پر اب تک 6 ارب 35 کروڑ روپے خرچ کیے جا چکے ہیں۔

بقیہ 4

نوکریاں فروخت نہ کرنے کا حلف لے لیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی زیر صدارت سیکرٹریز کمیٹی کا اجلاس ہوا جہاں محکموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹریز کمیٹی کیا جلاس کے دوران وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی نے سینئر افسران سے حلف لیا کہ بلوچستان میں کوئی نوکری فروخت نہیں ہوگی۔ اس موقع پر سرفراز بگٹی نے دوٹوک اعلان کیا کہ نوکریوں کی خرید و فروخت ثابت ہونے پر نہ کوئی سیکرٹری اور نہ ہی کوئی وزیر بچے گا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے محکمہ جنگلات کی بھرتیوں میں بے ضابطگی کی شکایات پر اعلیٰ سطح کی تحقیقات کا بھی حکم دیا۔

بقیہ 5

میر بیبرو زملازئی، آل بلوچستان رابطہ سیکرٹری سمیع اللہ کاکڑ، نائب صدر محمد انور ترین، سینئر نائب صدر حاجی محمد ابراہیم اچکزئی، آفس سیکرٹری میر ابرار رئیسانی، میر عدنان لہڑی، رابطہ سیکرٹری ساتھ میر سلیم بنگلزئی، نائب صدر صاحبزادہ بسم اللہ خان نے کہا ہے کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان بھر کے ٹھیکیداروں کی نمائندہ تنظیم ہے اور تنظیم کے عہدیداروں کو صوبے کے تمام ٹھیکیداروں کا اعتماد حاصل ہے انشاء اللہ ٹھیکیداروں کو درپیش مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن کوشش کریں گے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کی تقریب حلف برداری کی تقریب 3 اکتوبر کو کوئٹہ میں منعقد ہوگی جس میں بلوچستان اور صوبے کے تمام اضلاع کے عہدیدار اپنے عہدوں کا حلف اٹھائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حلف برداری کی تقریب میں شرکت کیلئے صوبائی وزراء، ارکان صوبائی و قومی اسمبلی سینیٹرز، قبائلی عمائدین، بیورو کریٹس، ایگزیکٹو انجینئرز، پی ڈیز، ایس ڈی او، سب انجینئرز اور متعلقہ افسران کو دعوت دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تقریب حلف برداری میں بلوچستان بھر سے ہزاروں کی تعداد میں ٹھیکیدار اور ایسوسی ایشن کے عہدیدار شرکت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ حلف برداری کی تقریب کے انتظامات کو حتمی شکل دینے کیلئے جلد ہی کابینہ کا اجلاس بلایا جائیگا جس میں مختلف کمیٹیاں تشکیل دی جائیں گی جو حلف برداری کی تقریب کے انتظامات سنبھالیں گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان بھر کے ٹھیکیداروں نے آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے عہدیداروں پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے انشاء اللہ انکے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ٹھیکیدار برادری کو درپیش مسائل کے حل کیلئے مختلف محکموں کے سیکرٹریز اور دیگر حکام بالا سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے اور اب تک کئی مسائل حل ہو چکے ہیں اور جو مسائل باقی حل رہ گئے ہیں انشاء اللہ انہیں بھی حل کریں گے۔

بقیہ 6

نے میرج گرانٹ کی ادائیگی کے لیے متعلقہ محکمے کو متعدد بار درخواست دی۔ لیکن ان کی کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رابطہ کیا اور متعلقہ محکمے کی تاخیر اور عدم توجہی کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کو فوری طور پر میرج گرانٹ کی ادائیگی کی جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کو میرج گرانٹ کی مد میں 50 ہزار کا چیک جاری کر دیا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 7

کا کردار" کے عنوان سے آگاہی لیکچر اور ایک آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔ سٹی سکول کی ہیڈ مسٹریس مس حنا نے ڈائریکٹر نیب (بلوچستان) محمد سلیم احمد، ڈپٹی ڈائریکٹر فرحان یوسف خان اور ان کی ٹیم کا استقبال کیا۔ اس تقریب کا بنیادی مقصد نوجوانوں کو بدعنوانی کے مضر اثرات سے آگاہ کرنا اور کرپشن سے پاک معاشرے کی تشکیل کے لیے مشترکہ کوششوں کو فروغ دینا تھا۔ تقریب میں اساتذہ اور طلباء نے شرکت کی۔

بقیہ 8

ڈیجیٹائزیشن، سرمایہ کاری اور برآمدات کے فروغ کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔ وفاقی وزیر صحت نے 23 ویں ہیلتھ ایشیا ایکسپو سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایکسپو میں 600 سے زائد اسٹالز قائم ہیں، 200 سے زائد ملکی و غیر ملکی کمپنیاں شریک ہیں جبکہ 30 سے زائد کانفرنسز منعقد ہوں گی اور متعدد مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے گئے ہیں۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ چند ماہ قبل اسلام آباد میں پاکستان اور چین کی کمپنیوں کے درمیان بی ٹو بی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس میں چین سے صحت کے شعبے کی 180 جبکہ پاکستان سے 300 سے زائد کمپنیاں شریک ہوئیں۔

بقیہ 9

ٹیکنالوجی سے تیار کردہ بیج ہے جو کیڑوں، بیماریوں اور موسمی اثرات کے خلاف مدافعت بڑھانے میں مدد دیتا ہے، 2 دہائیوں سے زائد عرصے کی کوششوں کے بعد ملٹی نیشنل بیج کمپنیوں کو جی ایم مکئی کی کاشت کے لیے اصولی منظوری حاصل ہوگی۔ اس حوالے سے منعقدہ کمیٹی اجلاس میں وزیر خزانہ کے ساتھ ایس آئی ایف سی کے گرین پاکستان انیشیٹو کے چیف ایگزیکٹو بھی شریک ہوئے۔ کابینہ کمیٹی نے پاکستان میں جینیاتی طور پر تبدیل شدہ جی ایم مکئی کی کاشت اپنانے کی اصولی منظوری دے دی۔ واضح رہے کہ عالمی ملٹی نیشنل کمپنیاں مونسانٹو، بائر، کارگل، سنجینٹا اور کورٹیوا 1980 کی دہائی سے پاکستان کی بیج صنعت میں سرگرم ہیں۔ اسٹیٹ بینک کی رپورٹ کے مطابق ملٹی نیشنل کمپنیاں ہائبرڈ بیجوں کے ذریعے زرعی جدت اور نئی ٹیکنالوجی متعارف کرانے میں اہم کردار ادا کرتی رہی ہیں۔ جی ایم مکئی کی منظوری سے زرعی شعبے میں جدید بیج، زیادہ پیداوار اور موسمیاتی تبدیلیوں کے مقابلے کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔

بقیہ 10

اور ایک چوکیدار شامل ہے نوٹیفیکیشن کے مطابق ڈی ایچ او آفس لسبیلہ میں تعینات لیڈی میڈیکل آفیسر ڈاکٹر بختاور جمال، بولان میڈیکل کمپلیکس اسپتال کوئٹہ میں تعینات میڈیکل آفیسر تعینات ڈاکٹر ساجد ظہور، ٹیچنگ اسپتال لورالائی میں تعینات میڈیکل آفیسر ڈاکٹر محمد عرفان، ڈی ایچ او آفس لورالائی میں تعینات میڈیکل آفیسر ڈاکٹر مسعود احمد اور ڈی ایچ او آفس ڈیرہ بگٹی میں تعینات چوکیدار، مالی محمد حسن کو ملازمت سے برطرف کر دیا گیا ہے۔ نوٹیفیکیشن کے مطابق برطرفی کی سزا بلوچستان ایمپلائز ایفیشنسی اینڈ ڈسپلن ایکٹ 2011 کے تحت دی گئی۔

بقیہ 11

ڈیجیٹل لین دین میں نمایاں اضافہ ہوا ہے اور ڈیجیٹل لین دین کرنے والوں کی تعداد 5 لاکھ سے بڑھ کر 20 لاکھ سے زائد ہوگئی ہے جس سے جون 2026 تک کے لیے طے کردہ ہدف حاصل کر لیا ہے جبکہ اس تعداد میں مزید اضافہ کے ہدف کو بھی حکومت پورا کرے گی۔ وہ عالمی تنظیم لیس فاؤنڈیشن کے اعلیٰ سطحی وفد سے گفتگو کر رہے تھے جس نے فاؤنڈیشن کے صنفی مساوات ڈویژن کی صدر ڈاکٹر انیتا زیدی کی قیادت میں ان سے ملاقات کی۔ وفد میں گلوبل پالیسی اینڈ ایڈووکیسی ڈویژن کی قائم مقام صدر ڈاکٹر کلپنا کوچر اور دیگر اعلیٰ عہدیدار شامل تھے۔ ملاقات میں پاکستان میں ڈیجیٹل تبدیلی، معاشی اصلاحات کے ایجنڈے اور کیش لیس اکانومی پر پیش رفت جیسے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے کہا کہ راست کیو آر کے فروغ کے لیے حکومت کی ساڑھے تین ارب روپے کی سبسڈی نے ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نظام کو استعمال کرنے والے افراد کی تعداد میں نمایاں اضافہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معیشت کی ڈاکومینٹیشن، مالیاتی نظام میں زیادہ سے زیادہ عوام کو شامل کرنے اور سرکاری ادائیگیوں کی شفافیت میں اضافے کے ساتھ کارکردگی بڑھانے کے لیے حکومتی اصلاحات تیزی سے جاری ہیں جن کے مثبت نتائج برآمد ہو رہے ہیں۔ وفد نے حکومتی اصلاحاتی اقدامات کو سراہتے ہوئے لیس فاؤنڈیشن کی جانب سے کیش لیس پاکستان اور وسیع تر معاشی اصلاحاتی ایجنڈے کی حمایت جاری رکھنے اور کرانداز کے ذریعے تعاون مزید بڑھانے کا یقین دلایا۔

بقیہ 12

اسلم غوری نے کہا ہے کہ افغان طلبہ کو دوران تعلیم واپس بھیجنا ان کے مستقبل سے ناانصافی ہے۔ اپنے بیان میں اسلم غوری نے کہا کہ زیر تعلیم افغان طلبہ کی تعلیم ہرگز منقطع نہ کی جائے، افغان طلبہ کو تعلیم مکمل کرنے تک پاکستان میں رہنے دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ زیر تعلیم طلبہ کے ویزوں اور دیگر تقاضوں میں سہولت فراہم کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ افغان طلبہ کی تعلیم مکمل ہونے تک واپسی کے فیصلے پر نظر ثانی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی ہمسایہ ملک کے طلبہ کے معاملے میں انسانی ہمدردی کو ملحوظ خاطر رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ افغان طلبہ اس طرح کی واپسی ہماری روایتی مہمان نوازی کے منافی ہے۔

بقیہ 13

بلوچستان کے عوام کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے نازک حالات میں بلوچستان کی تمام قومی، جمہوری اور سیاسی قوتوں پر یہ تاریخی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ذاتی و جماعتی اختلافات سے بالاتر ہو کر وسیع تر قومی اتحاد اور یکجہتی کا مظاہرہ کریں تاکہ بلوچستان کے عوام کے سیاسی، قومی، معاشی اور جمہوری حقوق کا مؤثر انداز میں دفاع کیا جا سکے۔

بقیہ 14

گاڑیوں کی خریداری حکومتی بے حسی ہے، جے یو آئی اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے ترجمان اسلم غوری نے کہا ہے کہ پیٹرولیم قیمتوں میں مسلسل اضافہ تشویشناک ہے۔ ترجمان اسلم غوری نے اپنے بیان میں کہا کہ ایک طرف پیٹرولیم قیمتوں میں اضافہ اور دوسری طرف بلٹ پروف گاڑیوں کی خریداری حکومتی بے حسی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت آئی ایم ایف کے ایجنٹ کا کردار ادا کر رہی ہے۔ اسلم غوری نے کہا کہ حکمران آئے روز عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈال کر اپنی شاہ خرچیوں کو پورا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے خون پسینے کی کمائی سے حکمران عیاشیوں میں مصروف مگر غریب کی زندگی اجیرن بن گئی ہے۔ اسلم غوری نے کہا کہ ایک سیاسی جماعت کے دھرنوں کے باوجود قیمتوں میں اضافہ حکومتی ہٹ دھرمی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی میں اضافہ پر عوامی پریشانیوں کی حکمرانوں کو کوئی پرواہ نہیں۔

بقیہ 15

ویزا پالیسی کا بلاامتیاز اطلاق ہوتا ہے۔ پی ایم ڈی سی کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق پاکستان میں طبی تعلیم کیلئے کسی مخصوص قومیت یا افغان طلبا پر کوئی پابندی نہیں، پاکستان میں 200 سے زائد افغان میڈیکل طلبا کی نشاندہی کی گئی ہے۔ اعلامیہ کے مطابق 200 سے زائد میں سے صرف 22 افغان طلبا پی ایم ڈی سی کے پاس قانونی طور پر رجسٹرڈ ہیں، رجسٹرڈ 22 طلبا میں سے 14 تعلیم مکمل کر چکے ہیں جبکہ 8 اگلے سال فارغ التحصیل ہوں گے۔ اعلامیہ کے مطابق باقی 176 افغان طلبا کے ریکارڈ اور دستاویزات کی تصدیق کا عمل جاری ہے، صرف میڈیکل ڈگری کا حصول پاکستان میں قیام یا پریکٹس کا حق نہیں دیتا۔ اعلامیہ کے مطابق پاکستان میں پریکٹس کیلئے پی ایم ڈی سی لائسنس اور درست ویزا ضروری ہے۔ غیر رجسٹرڈ طلبا کو میڈیکل ایجوکیشن سسٹم کے تحت قانونی طالب علم تصور نہیں کیا جائے گا۔ اعلامیہ کے مطابق متاثرہ طلبا کو کاغذی کارروائی مکمل کرنے اور منظم و باعزت واپسی کیلئے سہولتیں دی جا رہی ہیں، تمام قانونی ضوابط پر پورا اترنے والے غیر ملکی طلبا کو پاکستان آمد پر خوش آمدید کہتے ہیں۔ a

بقیہ 16

پر توہین عدالت کیس میں سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے جواب جمع کرا دیا۔ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے جواب میں کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات میں سیاسی گفتگو کی جاتی ہے، اس لیے ملاقات نہیں کروا سکتے۔ جسٹس ارباب محمد طاہر نے ریمارکس دیے کہ سلمان اکرم راجہ ملاقات میں سیاسی گفتگو نہیں کریں گے۔ انہوں نے استفسار کیا کہ سیاسی گفتگو نہ کرنے کی یقین دہانی کرائیں تو ملاقات کی اجازت دی جائے گی؟ اسٹیٹ کونسل نے کہا کہ وہ اس حوالے سے ایڈووکیٹ جنرل سے ہدایات لے کر جواب دیں گے۔ جسٹس ارباب طاہر نے کہا کہ آئندہ سماعت پر آپ بتائیں کہ سیاسی گفتگو نہ کرنے کی صورت میں ملاقات کرائی جائے گی؟ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے مشاورت کے بغیر مقدمے کے میرٹس پر دلائل نہیں دے سکتا۔ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ عدالت نے توہین عدالت کی درخواست پر بھی ایک آرڈر کیا تھا۔ جسٹس ارباب محمد طاہر نے استفسار کیا کہ پی ٹی آئی کا جواب نہیں آیا؟ پارٹی کی طرف سے کون پیش ہوا ہے؟ جس پر چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان ایڈووکیٹ کے معاون وکیل عدالت میں پیش ہوئے اور بتایا کہ بیرسٹر گوہر شہر میں موجود نہیں ہیں، آئندہ سماعت پر پیش ہو جائیں گے۔ جسٹس ارباب طاہر نے کہا کہ بیرسٹر گوہر کے آنے کی ضرورت نہیں، بس یہ بتا دیں کہ پارٹی کا موقف کیا ہے۔ سلمان اکرم راجہ ایڈووکیٹ نے کہا کہ پی ٹی آئی کا اس کیس سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ بانی پی ٹی آئی اس مقدمے کے مرکزی فریق ہیں لیکن انہیں ہدایات نہیں لینے دی جا رہیں۔ مقدمے کے مرکزی فریق بانی پی ٹی آئی کو وکیل کو ہدایات دینے کی اجازت دی جانی چاہیے۔ جسٹس ارباب محمد طاہر نے پوچھا کہ آپ بانی پی ٹی آئی کی نمائندگی کر رہے ہیں نا؟ سلمان اکرم راجہ ایڈووکیٹ نے جواب دیا کہ نہیں، انہیں بانی سے ہدایات نہیں لینے دی جا رہیں۔ جسٹس ارباب محمد طاہر نے ریمارکس دیے کہ سوال پھر یہ ہے کہ ہم پھر آپ کو کیوں سن رہے ہیں؟ عدالت نے اڈیالہ جیل حکام سے استفسار کیا کہ سلمان اکرم راجہ کو وکالت نامہ کیوں دستخط کروا کر نہیں دے رہے؟ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ صرف وکالت نامے کی بات نہیں ہے، وہ بانی پی ٹی آئی سے ہدایات لینا چاہتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ عدالت کے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے آرڈر پر عملدرآمد نہیں کیا گیا۔ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ اگر انہیں عدالت کے آرڈر پر اعتراض تھا تو اپیل دائر کرتے، اس طرح نظرانداز تو نہیں کر سکتے۔ جسٹس ارباب محمد طاہر نے کہا کہ نومبر 2025 میں ہم نے آرڈر کیا تھا۔ ہم آپ کو بانی پی ٹی آئی سے ہدایات لیے بغیر بھی سن رہے ہیں۔ انہوں نے ریمارکس دیے کہ ریاست کی سخاوت دیکھیں کہ وہ اعتراض بھی نہیں کر رہے۔ عدالت نے بانی پی ٹی آئی کے ایکس (سابقہ ٹوئٹر) اکاؤنٹ پر پابندی کے لیے دائر درخواست پر آئندہ سماعت پر مقدمے کے میرٹس پر دلائل طلب کرتے ہوئے کیس کی سماعت ملتوی کر دی۔

بقیہ 17

نے ایس ایچ او تھانہ رمنا کو ملزمان کو گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم دیا۔ چاروں ملزمان کے خلاف دہشتگردی سمیت دیگر دفعات کے تحت مقدمہ درج ہے۔

بقیہ 18

جام نگر کے نیول اور ایئربیس کی تباہی پر بھارتی بحریہ اپنی فضائیہ کی شکست پر شدید برہم تھی۔ پاکستانی فوج نے لاہور سیکٹر کے قریب چھوٹے ہتھیاروں سے فائر کر کے بھارت کے 2 جنگی طیارے مار گرائے۔ سیالکوٹ کے محاذ پر بھارتی فوج کے مزید 7 سینچورین ٹینک تباہ کر دیے گئے، جس کے بعد سیکٹر میں تباہ شدہ بھارتی ٹینکوں کی تعداد 42 ہوگئی۔ مجاہدین نے درا اس سیکٹر میں مرال آباد کے مقام پر بھارتی فوج کے مضبوط ٹھکانے تباہ کر دیے۔ پاک بحریہ کی برتری نے بحیرہ عرب میں بھارتی بحریہ کو اپنی سرگرمیاں روکنے پر مجبور کر دیا، پاکستانی لڑاکا طیاروں نے بھارتی فوج کی مدد کو آنے والے طیارے کو لاہور کی فضاؤں میں ہی مار گرایا، جنگ ستمبر میں پاک فوج بھارتی فوج کو ہر محاذ پر بدترین شکست سے دوچار کر رہی تھی۔

بقیہ 19

ٹیکنالوجی پر مبنی شراکت داری کے نئے دور میں داخل کرنے کی ضرورت ہے جس میں مشترکہ منصوبہ کاری، ٹیکنالوجی کی منتقلی، مقامی استعداد کار میں اضافہ، تحقیق و ترقی اور ہنرمند روزگار کو بنیادی اہمیت حاصل ہو اور یہ کہ پاکستان کو محض ٹیکنالوجی استعمال کرنے والے ملک کے بجائے جدت اور ٹیکنالوجی کی ترقی میں فعال شراکت دار بننا ہوگا۔

بقیہ 20

بنانے کیلئے باقاعدہ تعاون کا فریم ورک قائم کرنا ہے۔ وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان اور چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود خان نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب میں شرکت کی۔ تقریب میں سی ای او سمیڈا نادیہ جے سیٹھ، جوائنٹ سیکرٹری صنعت و پیداوار مسٹر فریدون اکرم شیخ، وزیراعظم یوتھ پروگرام کی ٹیم اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے دیگر نمائندگان بھی موجود تھے۔

بقیہ 21

اسکولوں میں ٹاٹ کلچر ختم کرتے ہوئے تین ماہ میں اسکولوں کو ڈیسک مہیا کرنے کے اعلان کیا تھا تاہم اس پر اب تک عملدرآمد نہیں ہو سکا ہے۔ ڈائریکٹر اسکولز اختر کھیتران کے مطابق ڈیسک کی فراہمی کے منصوبے کی سمری حکومت کو بھجوائی ہے اور فنڈز ملنے پر اسکولوں کو ڈیسک مہیا کر دیے جائیں گے۔

بقیہ 22

اسکیموں کو زیادہ وسعت فراہم کرنے کے لیے ریٹ ریگولیشنز 2022 میں اہم ترامیم تجویز کی ہیں، تجویز کردہ اصلاحات کے تحت ریئل اسٹیٹ کی آمدنی اور اثاثوں کی حد 75 فیصد سے کم کر کے 65 فیصد کی جا رہی ہے جبکہ سرمایہ کاری پر مبنی ریٹس کو خالی زمین اور پلاٹوں میں سرمایہ کاری کی اجازت ہوگی۔ گروپ سطح کے ٹرسٹس اور ملازمین کے فنڈز کو غیر فہرست شدہ ریٹس میں سرمایہ کاری کی اجازت ملے گی، اور اسپانسرز و ڈائریکٹرز سے قرض کی مدت 24 سے بڑھا کر 36 ماہ کی جائے گی، ان ترامیم کا مقصد آر ایم سی (RMCs) کو ریٹس کی لسٹنگ میں ایک سال تک کی توسیع اور سرکاری اداروں سے جائیدادوں کے حصول میں آسانیاں فراہم کرنا ہے۔ مزید برآں، ہائبرڈ ریٹ اسکیمیں ہولڈنگ مدت کے دوران کرائے کی آمدنی حاصل کر سکیں گی۔ چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے کہا کہ ان اصلاحات کا مقصد طویل مدتی سرمایہ متحرک کرنا، سرمایہ کاروں کی شرکت بڑھانا اور ریئل اسٹیٹ سیکٹر کی صلاحیت کو اجاگر کرنا ہے۔ مسودہ آراء کیلئے پیش کر دیا گیا ہے، اور اسٹیک ہولڈرز سے تجاویز طلب کی گئی ہیں۔

بقیہ 23

میں فونز بنا رہی ہیں، امریکی کمپنی پاکستان لانے کیلئے کوششیں جاری ہیں۔ وزیراعظم امریکا جا کر کمپنی کے سی ای او سے ملاقات کریں گے۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ اچھی بات ہے فونز پاکستان میں بن رہے ہیں، پاکستان میں بننے والے موبائل فونز کی قیمت کم ہے، ہمارا وژن اسمارٹ فون فار آل ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سیکریٹری صاحب کو ایک سال کی توسیع کی مبارک ہو، پاکستان میں موبائل فونز بنانے کی تعداد بڑھانے کی ضرورت ہے، ہمیں اب تھری جی نہیں بلکہ فور جی اور فائیو جی فونز چاہئیں۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ پاکستان میں اس وقت 20 کروڑ صارفین موبائل فون استعمال کر رہے ہیں، کراچی میں ہر 6 ماہ بعد فون چھن جاتا ہے، شہریوں کو نیا فون لینا پڑتا ہے، پاکستان میں بننے والے موبائل فونز سستے اور معیاری ہونے چاہئیں۔

بقیہ 24

روڈ فقیر مروڑ کے ایریا میں درجنوں مسلح ڈاکوؤں نے روڈ پر ناکہ لگا کر مسافروں گاڑیوں کے مسافروں سے لوٹ مار کرتے رہے پولیس کے مطابق بھل مگسی ن پولیس کے چار اہلکار جو کہ پی پی سی ٹریننگ کے لیے کوئٹہ جا رہے تھے وہ بھی مسلح ڈاکوؤں کے ہتھے چڑھ گئے ڈاکوؤں نے ان کو جدید اسلحے کے زور پر یرغمال بنایا ان سے نقدی موبائل فون گھڑیاں سونے کی دو چین سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا پولیس کے مطابق ڈاکوؤں نے مجموعی طور پر مسافروں سے لاکھوں روپے لوٹ کر فرار ہو گئے پولیس نے اطلاع پا کر جائے وقوع پر پہنچ گئی اور علاقے کی ناکہ بندی کر دی جبکہ ایس پی بھل مگسی رحمت اللہ درانی نے ٹرینی پولیس اہلکاروں کی لٹنے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ وہ نصیرآباد پولیس کے حکام سے رابطے میں ڈاکوؤں کے خلاف سخت اور مشترکہ کارروائی کی جائے گی

بقیہ 25

ثناء اللہ اور طارق فضل چوہدری نے ملاقات کی تھی، وزیراعظم کی جانب سخط کا جواب بجھوانے کی یقین دہانی کروائی گئی تھی۔ ذرائع کے مطابق محمود اچکزئی کوئٹہ میں ہیں، آئندہ دو تین روز میں اسلام آباد پہنچیں گے، وہ اسلام آباد پہنچتے پر وزیراعظم کے خط پر پی ٹی آئی رہنماؤں سے مشاورت کریں گے۔ اپوزیشن لیڈر چیئرمین پی ٹی آئی سمیت دیگر رہنماؤں سے مشاورت کریں گے، وزیراعظم کے خط پر سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس کو بھی اعتماد میں لیں گے۔

بقیہ 26

مستونگ کے علاقے کانک میں نامعلوم مسلح افراد نے پولیس چوکی پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں ایک اہلکار سپاہی عزت اللہ شہید جبکہ سپاہی نصیب اللہ شدید زخمی ہو گیا۔ پولیس نے نعش اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا جہاں نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی۔ پولیس اور سیکورٹی فورسز نے واقعہ کے بعد علاقے کو محاصرے میں لیکر ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔

بقیہ 27

ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ ٹیلی کمیونیکیشن اپیلیٹ ٹریبونل کا قیام ٹیلی کمیونیکیشن شعبے سے متعلق تنازعات کے منصفانہ اور بروقت حل کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیلی کمیونیکیشن کا شعبہ پاکستان کی معاشی اور سماجی ترقی میں تیزی سے اہم کردار ادا کر رہا ہے جبکہ ٹیکنالوجی میں تیز رفتار ترقی کے باعث مضبوط، شفاف اور مؤثر قانونی و عدالتی فریم ورک کی ضرورت مزید بڑھ گئی ہے۔ سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ بروقت فراہمی انصاف بنیادی اور ضروری تقاضا ہے، اسی مقصد کے تحت یہ خصوصی ٹریبونل قائم کیا گیا ہے تاکہ متعلقہ تنازعات کو منصفانہ، غیر جانبدارانہ اور بروقت انداز میں نمٹایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ٹریبونل کی سربراہی ریٹائرڈ ہائی کورٹ جج کر رہے ہیں جبکہ مالیاتی اور ٹیلی کمیونیکیشن شعبوں کے ماہرین بھی بطور ممبران شامل ہیں، تاکہ مقدمات سے متعلق قانونی، مالیاتی اور تکنیکی باریکیوں سے مؤثر انداز میں نمٹا جا سکے اور چیئرمین کو ضروری معاونت اور سہولت میسر ہو۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت اداروں کو مضبوط بنانے، قانون کی حکمرانی یقینی بنانے اور شہریوں کو قابل رسائی اور تیز رفتار انصاف کی فراہمی کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ٹیلی کمیونیکیشن اپیلیٹ ٹریبونل پیشہ ورانہ صلاحیت، دیانت اور غیر جانبداری کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے گا اور ٹیلی کمیونیکیشن شعبے کی ترقی میں مثبت کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے ٹریبونل کو قلیل مدت میں فعال بنانے پر چیئرمین، ممبران، افسران اور عملے کی کوششوں کو سراہا اور ادارے کے قیام میں نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے تعاون کی بھی تعریف کی۔ وفاقی وزیر نے ٹریبونل کے چیئرمین، ممبران اور پوری ٹیم کو اس اہم موقع پر مبارکباد دی اور ٹریبونل کی کامیابی اور تفویض کردہ ذمہ داریوں کی مؤثر انجام دہی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 28

سے جمعرات کو یہاں ایک اجلاس کی صدارت کی۔ نائب وزیراعظم کے آفس سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم نے زیر بحث اقدامات پر جلد از جلد عملدرآمد کی ضرورت پر زور دیا تاکہ ان کوششوں کے ثمرات آزاد جموں و کشمیر کے عوام کی زندگیوں میں ٹھوس بہتری کی صورت میں سامنے آ سکیں۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ آزاد جموں و کشمیر کے عوام کی ترقی اور فلاح و بہبود وزیراعظم محمد شہباز شریف، حکومت پاکستان اور حکومت آزاد جموں و کشمیر کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ اجلاس میں وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ، سیکرٹری امور کشمیر و گلگت بلتستان، چیف سیکرٹری آزاد جموں و کشمیر اور حکومت آزاد جموں و کشمیر اور وفاقی حکومت کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 29

شق (2) میں موجود جدول کو تبدیل کرتے ہوئے تنخواہ دار افراد کے لیے ٹیکس کی نظر ثانی شدہ شرحیں مقرر کی گئی ہیں، نظر ثانی شدہ شرحوں کے مطابق 6 لاکھ روپے تک سالانہ قابل ٹیکس آمدن پر کوئی انکم ٹیکس عائد نہیں ہوگا۔ 6 لاکھ روپے سے زائد لیکن 12 لاکھ روپے تک آمدن پر 6 لاکھ روپے سے زائد رقم کا ایک فیصد ٹیکس وصول کیا جائے گا، 12 لاکھ روپے سے زائد لیکن 22 لاکھ روپے تک قابل ٹیکس آمدن پر 6 ہزار روپے کے علاوہ 12 لاکھ روپے سے زائد رقم کا 11 فیصد ٹیکس عائد ہوگا اسی طرح 22 لاکھ روپے سے زائد لیکن 32 لاکھ روپے تک آمدن پر 1 لاکھ 16 ہزار روپے کے علاوہ 22 لاکھ روپے سے زائد رقم کا 20 فیصد ٹیکس ہوگا۔

بقیہ 30

کی ملاقات کے دوران ضلع بھر کے تعلیمی اداروں کی مجموعی صورتحال، تدریسی عمل کی بہتری، اساتذہ و دیگر عملے کی حاضری، طلباء کی حاضری، بنیادی سہولیات کی فراہمی، اساتذہ کی دستیابی اور معیاری تعلیمی ماحول سمیت مختلف اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ گنداواہ سمیت ضلع جھل مگسی کے سرکاری تعلیمی اداروں میں تدریسی معیار کی بہتری، عملے کی سو فیصد حاضری یقینی بنانے اور غیر حاضر ملازمین کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی، تعلیمی نظام میں بہتری کے لیے مؤثر اقدامات کر رہے ہیں اس موقع پر ڈی ای او بھل مگسی قرۃ العین مگسی نے کہا کہ جدید اور معیاری تعلیم ہی معاشرے اور ملک کی ترقی کی بنیادی ضمانت ہے۔

بقیہ 31

کی پاکستان کی وسیع تر کوششوں کا حصہ ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ چین میں پاکستانی سفارتخانے اور چاروں قونصل خانوں نے زراعت، گھریلو آلات و برقی مصنوعات، آئی ٹی و ٹیلی کام، بیٹری انرجی اسٹوریج، ادویہ سازی، بائیو ٹیکنالوجی اور صحت سمیت مختلف شعبوں میں چھ بڑے کاروباری اداروں سے کاروباری اداروں (بی ٹو بی) سرمایہ کاری کانفرنسوں کا انعقاد کیا ہے۔

بقیہ 32

رہزنی اور دیگر جرائم کے واقعات کا مسلسل رونما ہونا انتہائی تشویشناک ہے۔ گزشتہ دنوں چمن کے کالج روڈ پر ڈاکوؤں کی جانب سے فائرنگ کے نتیجے میں پارٹی کارکن نظر محمد شدید زخمی ہو گئے جنہیں ابتدائی طبی امداد کے لیے چمن سول ہسپتال منتقل کیا گیا اور بعد ازاں تشویشناک حالت کے باعث کوئٹہ ریفر کر دیا گیا لیکن وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے شہید ہو گئے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ چمن میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے نظر محمد کا جاں بحق ہونا انتہائی افسوسناک ہے اور یہ کوئی پہلا واقعہ نہیں جبکہ بدامنی اور شہریوں کے عدم تحفظ نے تشویشناک صورتحال اختیار کر لی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کو کھلی چھوٹ ملنے سے امن و امان کی صورتحال روز بروز خراب ہوتی جا رہی ہے۔ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ ریاست اور انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے، یہ امر انتہائی افسوسناک ہے کہ وارداتوں کے باوجود جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر اور فیصلہ کن کارروائی نظر نہیں آتی۔ پولیس اور انتظامیہ کی غفلت یا کمزوری سے جرائم پیشہ افراد کے حوصلے بلند ہو رہے ہیں، جبکہ عام شہری خوف اور عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا کہ نظر محمد کے قاتلوں کو فوری گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ٹھوس، مؤثر اور دیرپا اقدامات کیے جائیں۔ بیان میں اس افسوسناک واقعے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ پارٹی نظر محمد کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتی ہے اور شہید کے اہل خانہ کے دکھ اور غم میں برابر کی شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے، درجات بلند فرمائے اور سوگوار خاندان کو یہ ناقابل تلافی صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔

بقیہ 33

سیارچوں کو کامیابی سے خلا میں روانہ کر دیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق چین نے جمعرات کی شام کو ریموٹ سینسنگ سیٹلائٹس کو جیوچھوان سیٹلائٹ لانچ سینٹر سے لانگ مارچ۔ 4 بی کیریئر راکٹ کے ذریعے خلا میں روانہ کیا جو کامیابی سے مقررہ مدار میں داخل ہو گئے اور لانچ مشن مکمل طور پر کامیاب رہا۔ ریموٹ سینسنگ (01-03) 53- اور ریموٹ سینسنگ (01-03) 56- سیارچے بنیادی طور پر سائنسی تجربات، اراضی و وسائل کے سروے، زرعی مصنوعات کی پیداوار کے تخمینے اور قدرتی آفات کی روک تھام و تخفیف سمیت مختلف شعبوں میں استعمال کیے جائیں گے۔

بقیہ 34

2026 کی درمیانی شب لیاری ایکسپریس وے پر حسن اسکوائر انٹرچینج کے قریب رجسٹریشن نمبر 843-CBQ کی حامل مشتبہ ٹویوٹا پریمیو کو روکنے کی کوشش کی۔ گاڑی نے رکنے کے بجائے فرار ہونے کی کوشش کی اور آغا خان ہسپتال کی جانب روانہ ہوئی۔ تعاقب کے دوران مذکورہ گاڑی نیشنل اسٹیڈیم سگنل کے قریب کسٹمز ویگو، رجسٹریشن نمبر 293-GP سے ٹکرا گئی۔ تعاقب کے دوران کسٹمز ٹیم پر مشتبہ پائلٹ گاڑیوں سے ہوائی فائرنگ بھی کی گئی۔ مشکل اور خطرناک صورتحال کے باوجود کسٹمز اہلکاروں نے تعاقب جاری رکھا اور بالآخر آغا خان ہسپتال سگنل کے قریب مذکورہ گاڑی کو روکنے میں کامیاب ہو گئے۔ بعد ازاں گاڑی کو مزید تفصیلی جانچ پڑتال کے لیے سپر ہائی وے چیک پوسٹ منتقل کیا گیا۔ گاڑی کی مکمل تلاشی کے دوران اس کے ڈگی سے حشیش کے 212 پیکٹ برآمد ہوئے، جن میں سے ہر پیکٹ کا وزن تقریباً 1 کلوگرام تھا۔ اس طرح برآمد ہونے والی حشیش کی مجموعی مقدار 212 کلوگرام رہی۔ برآمد شدہ منشیات اور گاڑی کو مزید قانونی کارروائی کے لیے تحویل میں لے لیا گیا ہے جبکہ متعلقہ قانونی دفعات کے تحت ایف آئی آر کے اندراج سمیت دیگر قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ کلکٹریٹ آف کسٹمز انفورسمنٹ، کراچی اسمگلنگ اور منشیات کی غیر قانونی ترسیل کے خلاف اپنے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتا ہے۔ کلکٹریٹ انٹیلی جنس کی بنیاد پر کارروائیوں اور مؤثر فیلڈ آپریشنز کے ذریعے اسمگلنگ اور ممنوعہ اشیاء کی غیر قانونی نقل و حرکت کی روک تھام کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا تاکہ معاشرے کو منشیات اور اسمگلنگ کے مضر اثرات سے محفوظ رکھا جا سکے۔

بقیہ 35

کنگ کی سرکاری تدفین میں شرکت کی اور ناروے کے شاہی خاندان اور عوام سے صدر، وزیراعظم اور پاکستانی عوام کی طرف سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے ناروے کے نئے بادشاہ کنگ ہاکون ہشتم سے بھی ملاقات کی اور انہیں پاکستان کی قیادت اور عوام کی جانب سے تعزیت اور نیک خواہشات پیش کیں۔ عبدالعلیم خان نے اوسلو سٹی ہال میں منعقدہ تعزیتی تقریب میں ناروے کے وزیر خارجہ ایسپن بارتھ ایڈے، وزیر خزانہ اور نیٹو کے سابق سیکرٹری جنرل جینز اسٹولٹنبرگ، ناروے کی وزیر ثقافت لبنیٰ جعفری اور عالمی ترقی کے وزیر آسمند اور کرسٹ سے بھی ملاقاتیں کیں اور اُن سے دکھ اور افسوس کی اس گھڑی میں دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر پاکستان اور ناروے کے باہمی تعلقات، دوطرفہ تعاون اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان سے ملاقات کرنے والوں میں سیکرٹری اسٹیٹ اینڈ ریز موتزفیلٹ کراوک اور میئر اوسلو اینی لنڈبو شامل تھے۔ ملاقاتوں میں پاکستان اور ناروے کے درمیان تعلقات اور مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ پر گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کہا کہ پاکستان اور ناروے کے دیرینہ دوستانہ تعلقات باہمی احترام، اعتماد اور تعاون پر مبنی ہیں، دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط اور مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کو فروغ دینے کے لیے پاکستان پرعزم ہے۔ وفاقی وزیر نے ناروے کے بادشاہ ہرالڈ پنجم کی آخری رسومات میں شرکت کو پاکستان کی جانب سے شاہی خاندان اور ناروے کے عوام کے ساتھ یکجہتی اور احترام کا اظہار قرار دیا۔

بقیہ 36

ڈسٹرکٹ پولیس نصیرآباد کے اہلکاروں کے لیے سی جی ون ٹو فائیو نئی سولہ موٹر سائیکلوں کی فراہمی کی گئی جس پر ایس ایس پی نصیرآباد اسد ناصر نے پولیس تھانہ سٹی پولیس تھانہ صدر پولیس تھانہ چھتر شوری پولیس تھانہ میر حسن و مددگار پولیس اہلکاروں میں مذکرہ موٹر سائیکل تقسیم کیے گئے نئی موٹر سائیکلوں کی فراہمی سے پولیس کے گشت میں بضافہ اور انکی استعداد کار میں وسعت ہوگی۔

بقیہ 37

موضوع پر منعقدہ سمپوزیم سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ قائداعظم کے وژن کو عملی جامہ پہنانے کے لیے تعلیم، انسانی حقوق، خواتین کی بااختیار شمولیت اور کرپشن کے خاتمے کو قومی ترجیحات بنانا ہوگا۔ پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد نے کہا کہ قائداعظم نے برصغیر کے مسلمانوں کو متحد کر کے آزاد وطن کے حصول کی راہ ہموار کی، ان کا وژن آج بھی پاکستان کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کے لیے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی، اداروں کی مضبوطی اور قومی یکجہتی کے ذریعے پاکستان کو مضبوط اور باوقار ملک بنایا جا سکتا ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر عبدالعزیز ساحر نے کہا کہ قائداعظم اور علامہ اقبال کے افکار و نظریات کے حقیقی محافظ آج کے نوجوان ہیں۔ نوجوان نسل کو عظیم رہنماؤں کی زندگی اور جدوجہد کا مطالعہ کر کے ملک و قوم کی تعمیر و ترقی میں مؤثر کردار ادا کرنا چاہیے۔ فیکلٹی آف سوشل سائنسز کے ڈین پروفیسر ڈاکٹر سید عامر شاہ نے کہا کہ اتحاد، ایمان اور نظم و ضبط قائداعظم کے بنیادی اصول ہیں جن پر عملدرآمد کی ضرورت آج پہلے سے کہیں زیادہ ہے۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ قائداعظم کے افکار کو عملی زندگی کا حصہ بنائیں اور محنت، دیانت و ذمہ داری کے ذریعے ملکی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے سمپوزیم کے انعقاد پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود کا شکریہ بھی ادا کیا۔ سمپوزیم کا اہتمام اقبال چیئر برائے مسلم وصوفی افکار، شعبہ تاریخ اور ڈائریکٹوریٹ آف اسٹوڈنٹ ایڈوائزری اینڈ کونسلنگ سروسز نے باہمی اشتراک سے کیا۔ تقریب میں رجسٹرار راجہ عمر یونس، ڈاکٹر فوزیہ عمر، یونیورسٹی کے اساتذہ، پرنسپل افسران اور طلبہ و طالبات نے شرکت کی۔

بقیہ 38

کے باعث قلابازی کھاتے ہوئے کھائی میں جا گری۔ پولیس کے مطابق حادثے میں انسانی جانی نقصان نہیں ہوا تاہم سولہ کے قریب مسافر زخمی ہو گئے جن کو قریبی ہسپتالوں میں منتقل کر دیا گیا واقعے کے بعد پولیس نے دیگر مسافروں کو متبادل گاڑیوں میں منزل مقصود کی جانب روانہ کر دیا گیا

بقیہ 39

جوہری پاور پلانٹس اور ایک قدرتی گیس منصوبے کی تعمیر کے لیے مالی معاونت فراہم کرے گا۔ تاہم جنوبی کوریا کی وزارت تجارت نے کہا ہے کہ امریکا میں سرمایہ کاری سے متعلق تفصیلات ابھی حتمی نہیں کی گئیں۔ رپورٹ کے مطابق جنوبی کوریا کی یہ سرمایہ کاری کئی برسوں کے دوران مرحلہ وار کی جائے گی۔ منصوبے کے تحت امریکا میں 8 تک جوہری ری ایکٹرز تعمیر کیے جائیں گے، جن میں پہلے ری ایکٹر کے لیے امریکی کمپنی ویسٹنگ ہاؤس الیکٹرک کا ڈیزائن استعمال کیا جائے گا، جبکہ بعد کے بعض ری ایکٹرز میں جنوبی کوریا کی کمپنی کے ای پی سی او کے ڈیزائن استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ تقریباً 20 ارب ڈالر کی ایک اور ممکنہ سرمایہ کاری ٹیکساس میں قدرتی گیس سے چلنے والے پاور پلانٹ سے متعلق ہے، جو مصنوعی ذہانت کے ڈیٹا سینٹرز کو بجلی فراہم کرے گا۔ رپورٹ کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور جنوبی کوریا کے صدر لی جے میونگ نے گزشتہ اکتوبر تجارتی معاہدہ کیا تھا، جس کے تحت جنوبی کوریا نے امریکی مینوفیکچرنگ کے شعبے میں 350 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کا عزم کیا جبکہ واشنگٹن نے جنوبی کوریا کی درآمدات پر ٹیرف 15 فیصد تک محدود کرنے پر اتفاق کیا تھا۔ تاہم جنوبی کوریا کو اس تجارتی معاہدے پر عملدرآمد میں تاخیر کا سامنا رہا، جس کے باعث صدر ٹرمپ نے رواں سال کے آغاز میں جنوبی کوریا پر ٹیرف بڑھانے کی دھمکی بھی دی تھی۔

بقیہ 40

کا سلسلہ جاری ہے گزشتہ روز عبدالباقی بڑیچ، رشید ناصر، غلام نبی مری، الطاف حسین کجر، سید احمد، رضا الرحمٰن، عبدالخالق رند، نور الٰہی بلٹی، فرید اللہ، سید گلزار شاہ احمدوتی، امین اللہ فطرت، قاری عبدالرشید، حماد اللہ سیاپاد، سید کاشف حسین، ملک جمیل کاسی، ارشد کجر، ممتاز محفوظ ایڈووکیٹ، عابد لہڑی، یوسفی بلوچ، قاری امین اللہ، جلال نورزئی، راشد چوہان، محمد شفاعت، عصمت اللہ، سالم حزب اللہ، محمد ارسلان فیاض، عثمانی میر احمد نوشیروانی، مولانا ذکریا ذاکر، عبدالرزاق خارانی، حبیب اللہ کاکڑ، حیات اللہ کاکڑ، خالد بٹ، سلیم لہڑی، ڈاکٹر فیض اللہ، ڈاکٹر غلام اللہ، ڈاکٹر صورت خان، آصف بلوچ، کبیر شاہ، عبدالنبی سالانی، شاہجہان بلوچ، حاجی عابد شیر ترین، عبدالجبار لانگو، مبشر علی زاہد اور دیگر نے مرحوم کی رہائشگاہ جا کر انکے بھائیوں سید بہادر شاہ سید شفیق الرحمٰن حاجی سید سمیع الرحمٰن بھتیجوں کامران سمیع عبداللہ سمیع اور دیگر سے اظہار افسوس کیا۔

بقیہ 41

الرحمٰن نے کہا کہ امت مسلمہ کو سیاسی، معاشی اور دفاعی طور پر متحد ہونا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم دنیا کے اتحاد اور سعودی عرب کے تحفظ کے لیے مؤثر کردار ادا کرے۔

بقیہ 42

نے کہا کہ کیش لیس اکانومی پاکستان حکومت کے تبدیلی کے ایجنڈے کا بنیادی حصہ ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ کیش لیس پاکستان کا مقصد عام شہریوں کی زندگی آسان بنانا، حکومتی نظام میں شفافیت بڑھانا اور سرکاری رقوم کو بغیر کسی تاخیر یا ضیاع کے مستحقین تک پہنچانا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت اور لیس فاؤنڈیشن کی مشترکہ کوششوں کے نتیجے میں ڈیجیٹل ادائیگیوں میں اضافہ ہو رہا ہے، مستحق خواتین کو اپنی مالی معاونت براہ راست، محفوظ اور باوقار انداز میں ملنی چاہیے۔ وزیراعظم نے لیس فاؤنڈیشن کے ساتھ مل کر خواتین کی مالیاتی شمولیت اور معاشی خودمختاری کے لیے مرکوز اقدامات پر کام کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔ ملاقات میں پاکستان اور لیس فاؤنڈیشن کے درمیان تعاون اور شراکت داری کو مزید مؤثر بنانے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 43

کہ علاقائی تعاون اب تجارتی راستوں سے آگے بڑھ کر مربوط ویلیو چینز میں تبدیل ہو رہا ہے، ڈیجیٹل جدت، پائیداری اور ہنرمند روزگار کو تجارتی ڈھانچے کا حصہ بنانا ناگزیر ہے۔ جام کمال خان نے کہا کہ پاکستان مغربی، وسطی اور مشرقی ایشیا کے درمیان ایک اہم تجارتی پل بن رہا ہے، ریلوے، سڑکوں اور ٹرانزٹ ٹریڈ روابط کی توسیع پاکستان کو وسطی ایشیا کے لیے مختصر اور مؤثر راستہ بنا رہی ہے، علاقائی روابط پاکستان کے لیے ڈیڑھ ارب صارفین پر مشتمل وسیع منڈی کے دروازے کھول رہے ہیں۔

بقیہ 44

کے لیے ثابت قدمی، اتحاد اور تنظیم ناگزیر ہیں۔ اسپیکر نے نوجوان نسل کو قائداعظمؒ کی زندگی، جدوجہد اور افکار سے روشناس کرانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ قائداعظمؒ کا وژن پاکستان کے حال اور مستقبل کے لیے کلیدی اہمیت کا حامل ہے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ قائداعظمؒ ایک ایسے پاکستان کے خواہاں تھے جہاں قانون کی حکمرانی، جمہوری اقدار، مساوات اور تمام شہریوں کے بنیادی حقوق کا مکمل تحفظ ہو۔ انہوں نے کہا کہ بانیٔ پاکستان نے اقلیتوں سمیت تمام شہریوں کے حقوق کے تحفظ اور مذہبی آزادی کو خصوصی اہمیت دی۔ انہوں نے کہا کہ قائداعظمؒ کے وژن سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے جمہوری روایات کو مستحکم کرنے، معاشرے میں برداشت، اتحاد اور باہمی احترام کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے اتحاد، ایمان اور تنظیم کے اصولوں پر عمل پیرا ہونے کی ضرورت اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ایک مستحکم، خوشحال اور ترقی یافتہ پاکستان کی تعمیر کے لیے قائداعظم محمد علی جناحؒ کے رہنما اصولوں پر عمل پیرا ہونا ضروری ہے۔

بقیہ 45

سے باہر منتقل کرنے کی اصولی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں ڈیری فارمز کی منتقلی کے لیے اراضی کی دستیابی، لاجسٹکس اور متوقع اخراجات سے متعلق ابتدائی تجاویز اور تخمینے بھی پیش کیے گئے۔ چیف سیکرٹری نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ ڈیری فارمز کی منتقلی کے لیے جامع اور قابل عمل نفاذی منصوبہ تیار کیا جائے، جس میں مرحلہ وار منتقلی کا شیڈول، ذمہ دار اداروں، ضروری سہولیات، لاجسٹکس اور عملدرآمد کی واضح ٹائم لائن شامل ہو۔ انہوں نے ہدایت کی کہ منصوبے سے متعلق تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیا جائے تاکہ عملدرآمد کے دوران کسی قسم کی رکاوٹ پیدا نہ ہو۔ کوئٹہ ماسٹر پلان کے حوالے سے چیف سیکرٹری نے دستیاب ڈیٹا اور منصوبہ بندی کے عمل کو سراہتے ہوئے کہا کہ صنعتی، زرعی اور رہائشی زوننگ کے درمیان مناسب توازن برقرار رکھتے ہوئے شہری آبادی کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کو صاف، محفوظ، منظم اور پائیدار شہری ماحول فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اس لیے ماسٹر پلان کے نفاذ کے لیے تمام متعلقہ ادارے مربوط حکمت عملی کے تحت بروقت اقدامات کریں۔ چیف سیکرٹری نے کوئٹہ میں پانی کی قلت کو اہم چیلنج قرار دیتے ہوئے پانی کے تحفظ اور دستیاب وسائل کے مؤثر استعمال پر زور دیا۔ انہوں نے ریچارج ویلز کے قیام اور مساجد کے وضو کے استعمال شدہ پانی کو مناسب طریقہ کار کے تحت دوبارہ قابل استعمال بنا کر زرعی مقاصد کے لیے استعمال کرنے کے اقدام کو سراہا اور اس حوالے سے عملی اقدامات مزید مؤثر بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے بلڈنگ کوڈز پر مؤثر اور بلاامتیاز عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ شہری منصوبہ بندی کے ضوابط پر عملدرآمد میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اجلاس میں سرکاری ملازمین کے طبی معاوضے اور ری ایمبرسمنٹ کے موجودہ نظام کا بھی جائزہ لیا گیا۔ چیف سیکرٹری نے موجودہ پالیسی کا ازسرنو جائزہ لے کر اسے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور طبی اخراجات کی ادائیگی کے لیے مؤثر، شفاف اور یکساں نظام وضع کرنے کی فوری ہدایت کی۔ انہوں نے واضح کیا کہ ری ایمبرسمنٹ کے لیے باقاعدہ اور واضح قواعد و ضوابط وضع کیے جائیں اور پسند و ناپسند کی بنیاد پر کسی بھی قسم کا امتیازی سلوک ناقابل قبول ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ملازمین کی فلاح و بہبود کے ساتھ ساتھ غریب اور مستحق عوام کی ضروریات کو بھی مدنظر رکھنا ہوگا۔ چیف سیکرٹری نے متعلقہ حکام کو سرکاری ملازمین کے لیے ہیلتھ کارڈ کے نفاذ کے عمل کو تیز کرنے، مربوط ڈیجیٹل میکانزم قائم کرنے اور تمام متعلقہ محکموں کے درمیان مؤثر رابطہ و ہم آہنگی یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی۔ انہوں نے واضح کیا کہ اصلاحاتی اقدامات میں غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی اور متعلقہ ادارے مقررہ اہداف کے مطابق پیش رفت یقینی بنائیں۔

بقیہ 46

فورسز کے یونٹ نے وزارت داخلہ کے علاقے کے قریب سے ایک سابق قیدی کو گرفتار کر لیا۔ گرفتاریوں میں نابالغ اور دیگر سابق قیدی بھی شامل ہیں، جن میں ایک شخص بھی شامل ہے جسے چند روز قبل رہا کیا گیا تھا۔

بقیہ 47

کیا۔ عالمی سطح پر پاور پلانٹس اور ٹرانسمیشن گرڈز کے وسیع تجربے کی روشنی میں وفد نے پاکستان کے ٹرانسمیشن سیکٹر اور نجی سرمائے کے ذریعے انفرااسٹرکچر کی بہتری میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر سردار اویس احمد خان لغاری نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے اگلے 8 سے 10 سال کے لیے توانائی کی منتقلی اور نیشنل گرڈ کی بہتری کا ایک واضح اور جامع فریم ورک تیار کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بجلی کی مانگ، ترسیلی ضروریات اور تکنیکی تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے انٹیگریٹڈ سسٹم پلان حتمی مراحل میں ہے۔ اس ادارتی منصوبہ بندی کا مقصد ماضی کے غیر متوازن فیصلوں کا خاتمہ اور سرمایہ کاروں کو ایک مستحکم، پیشین گوئی کے قابل ماحول فراہم کرنا ہے۔ وفاقی وزیر نے اس بات پر زور دیا کہ حکومت کی اولین ترجیح صارفین پر مالی بوجھ کو کم سے کم رکھنا ہے۔ حکومت ترسیلی نظام کے درآمدی اجزاء کے لیے غیر ملکی سرمایہ کاری کے ساتھ ساتھ مقامی پیداوار کے پروگرام کو ترجیحی بنیادوں پر آگے بڑھا رہی ہے۔ نیشنل گرڈ کمپنی مستقبل کی انفرااسٹرکچر ضروریات کے لیے مقامی مالیاتی منڈیوں سے وسائل متحرک کرنے کے امکانات کا جائزہ لے رہی ہے۔ ملاقات کے دوران قومی گرڈ میں جنوب (کوئلہ، ونڈ، سولر) اور شمال (ہائیڈرو) کے پیداواری مراکز سے وسطی لوڈ سینٹرز تک بجلی کی مؤثر ترسیل کے چیلنجز پر بات ہوئی۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ اگلے کچھ سالوں میں قومی گرڈ کی سطح پر تقریباً 3 ہزار میگاواٹ (11,000 میگاواٹ آورز) کی صلاحیت کے یوٹیلیٹی سکیل بیٹری انرجی اسٹوریج سسٹمز کی ضرورت پیش آئے گی، جس میں بین الاقوامی سرمایہ کاری کا اہم کردار ہوگا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت آئی ایف سی کی معاونت سے اے ایم آئی اسمارٹ میٹرز کی تنصیب اور گرڈ کی ڈیجیٹلائزیشن کا عمل تیز کر رہی ہے، جس میں نجی سرمایہ کاری کا خیر مقدم کیا جائے گا۔ انہوں نے بی آئی کے وفد کو ہدایت کی کہ وہ ٹرانسمیشن کے تکنیکی امور اور منصوبوں کی تفصیلی جانچ کے لیے تکنیکی سطح پر نیشنل گرڈ کمپنی کی ٹیم کے ساتھ ملیں تاکہ باہمی تعاون کے عملی نقشہ کی راہ کو حتمی شکل دی جا سکے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت کا مقصد ایسا توانائی نظام تشکیل دینا ہے جو مستقبل کی طلب کو پورا کرنے کے ساتھ ساتھ سرمایہ کاری کے لیے بھی قابل اعتماد اور شفاف ماحول فراہم کرے۔

بقیہ 48

حکومت، انتظامیہ، پولیس اور عوامی نمائندوں کو باہمی تعاون سے شہریوں کو بہتر ماحول اور بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا ہوگی۔ کوئٹہ شہر اور اس کے مضافات میں عوام کو درپیش مسائل و مشکلات کے حل کو ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنانے کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، سڑکوں، صحت و صفائی، نکاسی آب، بجلی، پانی اور دیگر عوامی مسائل کے حل کیلئے متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں مزید موثر انداز میں ادا کرنا ہونگی۔ انہوں نے کہا کہ بڑھتے ہوئے اسٹریٹ کرائمز پر قابو پانے کیلئے ٹھوس اور موثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 49

مالک، پاکستان بار کونسل کے ارکان ثاقب گوندل، رضوان عباسی اور حسن رضا پاشا، اسلام آباد بار کونسل کے وائس چیئرمین آصف عرفان، سینئر ارکان وکلاء اور دیگر معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ 2010 میں پاکستان بار کونسل کا رکن منتخب ہونے کے بعد انہیں چیئرمین لیگل ایجوکیشن کمیٹی کی ذمہ داری سونپی گئی، جس کے بعد لیگل ایجوکیشن کے شعبے میں اصلاحات کے لیے کام کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 15 سال کے دوران ملک میں لا کالجز سے متعلق متعدد مسائل سامنے آئے۔ لیگل ایجوکیشن کو پبلک سیکٹر سے پرائیویٹ سیکٹر میں منتقل کیے جانے کے بعد متعدد اداروں نے اچھا کام کیا، تاہم ریگولیٹر کی اونرشپ کمزور ہونے سے بھی مسائل پیدا ہوئے۔ سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ لیگل ایجوکیشن میں اصلاحات کو ترجیح دی گئی اور اس سلسلے میں متعدد اہم اقدامات کیے گئے۔ لا کالجز میں غیر معیاری اور گھوسٹ داخلوں کے تدارک کے لیے ایونگ کورسز ختم کیے گئے جبکہ بار میں داخلے کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے پاکستان میں لاء گیٹ متعارف کرایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ 23-2022 میں فیصلہ کیا گیا کہ ہر لا کالج اپنے طلبہ کا ڈیٹا پاکستان بار کونسل کے ساتھ شیئر کرے گا، جبکہ جو کالج مطلوبہ ڈیٹا فراہم نہیں کرے گا، اس کی ڈگری رجسٹر نہیں کی جائے گی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان میں لیگل ایجوکیشن کو عالمی معیار کے مطابق لانے کے لیے پانچ سالہ ایل ایل بی پروگرام متعارف کرایا گیا، بعد ازاں بین الاقوامی تقاضوں اور مسابقت کو مدنظر رکھتے ہوئے ایل ایل بی پروگرام کو چار سال کا کیا گیا۔ اس موقع پر پاکستان بار کونسل کے چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی منیر ملک نے کہا کہ لیگل ایجوکیشن ڈائریکٹوریٹ سپریم کورٹ کے حکم پر قائم کیا گیا ہے۔

بقیہ 50

ایف سی ڈی او کے ڈویلپمنٹ ڈائریکٹر سیم والڈاک اور انویسٹمنٹ منیجر ضیغم اقبال بھی موجود تھے۔ ملاقات میں پاکستان کے لئے برٹش انٹرنیشنل انویسٹمنٹ کے سرمایہ کاری منصوبوں، نجی سرمائے کو متحرک کرنے، بنیادی ڈھانچہ و موسمیاتی فنانسنگ، پرائیویٹ ایکوئٹی، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کے لئے فنانسنگ اور پاکستان میں جاری معاشی و ڈھانچہ جاتی اصلاحات کے نتیجے میں پیدا ہونے والے سرمایہ کاری کے نئے مواقع پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ برٹش انٹرنیشنل انویسٹمنٹ کے ایم ڈی نے وزیر خزانہ کو برٹش انٹرنیشنل انویسٹمنٹ کی 2026 سے 2031 تک کی سرمایہ کاری سے متعلق حکمت عملی سے آگاہ کیا جس کے تحت ادارہ ایشیا اور افریقہ میں کم از کم 2 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کا ارادہ رکھتا ہے۔

تنخواہ دار طبقہ کیلئے ریلیف، مختلف ٹیکس سلیبز میں ٹیکس کی شرح میں نمایاں کمی

نئی ترمیم کے تحت 10 ملین روپے سے زائد آمدن رکھنے والے دیگر افراد اور ایسوسی ایشن آف پرسنز پر 10 فیصد سرچارج بدستور نافذ رہے گا

اسلام آباد(این این آئی) حکومت کی جانب سے تنخواہ دار طبقہ کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے تنخواہ سے حاصل ہونے والی آمدن پر مختلف ٹیکس سلیبز میں ٹیکس کی شرحوں میں کمی کر دی گئی ہے، 10 ملین روپے سے زائد قابلِ ٹیکس آمدن رکھنے والے تنخواہ دار افراد پر عائد 9 فیصد سرچارج بھی ختم کر دیا گیا ہے۔ایف بی آر کی جانب سے جاری وضاحتی بیان کے مطابق فنانس ایکٹ 2026 کے تحت انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے فرسٹ شیڈول کے حصہ اول ڈویژن اول کی (بقیہ 29 صفحہ 3پر)

عوام پر بوجھ میں اضافہ؛ 10 دن میں پیٹرول 25 روپے تک مزید مہنگا

اسلام آباد(این این آئی) ملک میں روزانہ کی بنیاد پر پیٹرولیم قیمتوں کا تعین عوام پر بھاری بھرکم بوجھ بن گیا ہے، یکم سے 10 ستمبر تک صرف 10 روز میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 25 روپے فی لیٹر تک اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔

ٹیرف ریشنلائزیشن پروگرام کا مقصد صنعتی ماحول کو مزید مسابقتی اور موثر بنانا ہے، سینیٹر اورنگزیب

حکومت نے نجکاری اور نجی شعبے کی قیادت میں معاشی ترقی کی جانب منتقلی پر اپنی توجہ مرکوز کر رکھی ہے، وزیر خزانہ

اسلام آباد(این این آئی) وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت نے نجکاری اور نجی شعبے کی قیادت میں معاشی ترقی کی جانب منتقلی پر اپنی توجہ مرکوز کر رکھی ہے، ٹیرف ریشنلائزیشن پروگرام کا مقصد صنعتی ماحول کو مزید مسابقتی اور موثر بنانا ہے۔وہ جمعرات کو یہاں ایشیا کیلئے برٹش انٹرنیشنل انویسٹمنٹ بی آئی آئی کے مینجنگ ڈائریکٹر اور سربراہ سرینی ناگاراجن سے ملاقات میں گفتگو کر رہے تھے ۔ ملاقات میں پاکستان میں برٹش انٹرنیشنل انویسٹمنٹ کی سرمایہ کاری کا دائرہ وسیع کرنے اور ترجیحی شعبوں میں نجی سرمایہ کاری کو مزید متحرک کرنے کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا۔وفد میں برٹش انٹرنیشنل انویسٹمنٹ کے پاکستان کے سربراہ امتیاز سیتھنا، پاکستان کی منیجر ریما غنی، (بقیہ 50 صفحہ 3پر)

کیش لیس اکانومی کے تحت پاکستان میں ڈیجیٹل لین دین میں نمایاں اضافہ

ادائیگیوں کی شفافیت میں اضافے کے ساتھ کارکردگی بڑھانے کیلئے حکومتی اصلاحات تیزی سے جاری ہیں، رپورٹ

اسلام آباد(این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کے کیش لیس اکانومی کے ایجنڈے کے تحت پاکستان میں ڈیجیٹل لین دین میں نمایاں اضافہ ہوا ہے،تفصیلات کے مطابق ڈیجیٹل لین دین کرنے والوں کی تعداد 20 لاکھ سے تجاوز کر گئی، وزیر مملکت خزانہ اور ریلوے بلال اظہر کیانی کی بل گیٹس فاؤنڈیشن کے اعلیٰ سطحی وفد سے ملاقات ہوئی جس میں انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی کیش لیس اکانومی کے ایجنڈے کے تحت پاکستان میں ڈیجیٹل لین دین میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔

اسحاق ڈار کی زیرصدارت اجلاس، آزاد جموں و کشمیر میں ترقیاتی ترجیحات کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد(این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے آزاد جموں و کشمیر میں ترقیاتی ترجیحات کا جائزہ لیتے، انہیں تیز رفتاری سے آگے بڑھانے اور ان پر عملدرآمد کے لیے مناسب اقدامات کرنے کے حوالے (بقیہ 28 صفحہ 3پر)



کوئٹہ، انصاف لائرز فورم کے جنرل سیکرٹری عبدالحکیم زرین، عالم خان کاکڑ، شمس رند اور دیگر شمولیت کرنیوالوں کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ڈیجیٹل اثاثہ جات پر شریعہ ایڈوائزری بورڈ قائم کر رہے ہیں، بلال بن ثاقب

مفتی اعظم پاکستان سے ڈیجیٹل اور ورچوئل اثاثوں کی لین دین میں رہنمائی حاصل کر رہے ہیں، وزیر مملکت

اسلام آباد(این این آئی) وزیر مملکت برائے ڈیجیٹل اثاثہ جات اور چیئرمین پاکستان ورچوئل ایسٹ ریگولیٹری اتھارٹی بلال بن ثاقب نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل اثاثہ جات پر مفتی اعظم پاکستان کو اعتماد میں لیا ہے۔میڈیا رپورٹ سے گفتگو کرتے ہوئے بلال بن ثاقب نے کہا کہ ڈیجیٹل اور ورچوئل اثاثوں پر شریعہ ایڈوائزری بورڈ قائم کر رہے ہیں، ڈیجیٹل اور ورچوئل اثاثوں کے لین دین میں شریعہ ایڈوائزری بورڈ سے رہنمائی لیں گے۔

بزرگ صحافی سید خلیل الرحمٰن کی وفات پر تعزیت کا سلسلہ جاری

کوئٹہ(این این آئی) بزرگ صحافی سید خلیل الرحمٰن کی وفات پر تعزیت (بقیہ 40 صفحہ 3پر)

اسحاق ڈار کا ترک ہم منصب سے علاقائی امور پر مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی غیر قانونی اسرائیلی بستیوں سے درآمدات پر برطانیہ کی جانب سے پابندی کے اقدام کی حمایت

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی ترک وزیر خارجہ حاقان فیدان سے ٹیلیفونک گفتگو ہوئی ہے جس میں دو طرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے علاقائی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق گفتگو کے دوران فلسطین کے معاملے پر پاکستان اور ترکیہ کے مشترکہ مقف کا اعادہ کیا گیا۔اسحاق ڈار نے غیر قانونی اسرائیلی بستیوں سے درآمدات پر برطانیہ کی جانب سے پابندی کے اقدام کی حمایت کی۔

ناروے کے بادشاہ ہرالڈ پنجم کی آخری رسومات، وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کی نمائندگی و تعزیت

عبدالعلیم خان کی ناروے کے نئے بادشاہ کنگ ہاکون ہشتم، وزیر خارجہ وخزانہ اور میئر اوسلو سے ملاقاتیں

اوسلو(این این آئی) ناروے کے بادشاہ ہرالڈ پنجم کی آخری رسومات میں پاکستان کی نمائندگی کرنے کے لئے وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان اوسلو پہنچے جہاں انہوں نے آنجہانی (بقیہ 35 صفحہ 3پر)

کسٹمز انفورسمنٹ کراچی کی 212 کلوگرام حشیش (چرس) ضبطگی

اسلام آباد (این این آئی) کلکٹریٹ آف کسٹمز انفورسمنٹ، کراچی نے 08 ستمبر 2026 کو انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر کی جانے والی کارروائی کے دوران منشیات کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 212 کلوگرام حشیش (چرس) برآمد کر لی۔مصدقہ معلومات کی بنیاد پر اینٹی اسمگلنگ آرگنائزیشن کی سپر ہائی وے چیک پوسٹ کی ٹیم نے 07/08 ستمبر (بقیہ 34 صفحہ 3پر)



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر عاصم کرد گیلو پارلیمانی سکرٹری مدکت علی رند اوار ایم پی ایز نوابزادہ ظفراللہ خان زہری زرک خان مندوخیل ملاقات کر رہے ہیں

پی ٹی آئی لانگ مارچ کیخلاف درخواست، دلائل کیلئے 2 دن کی مہلت دینے کی ایڈووکیٹ جنرل کے پی کی استدعا مسترد

اسلام آباد ہائی کورٹ نے ماضی میں خلاف ورزی کرنے والوں کیخلاف کارروائی کا (آج) تک ریکارڈ طلب کرلیا

اسلام آباد(این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے 27 ستمبر کے پی ٹی آئی لانگ مارچ کیخلاف درخواست پر دلائل کے لئے 2 دن کی مہلت دینے کی ایڈووکیٹ جنرل خیبر پختونخواہ کی استدعا مسترد کرتے ہوئے ماضی میں خلاف ورزی کرنے والوں کیخلاف کارروائی کا (آج) جمعہ تک ریکارڈ طلب کرلیا۔اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس سردار سرفراز ڈوگر، جسٹس محمد اعظم خان اور جسٹس محمد آصف نے شہری وقاص احمد کی درخواست پر سماعت کی۔

احد چیمہ کی اوورسیز پاکستانیوں کیلئے سرمایہ کاری کا خصوصی پلیٹ فارم تشکیل دینے اور قابلِ عمل پی پی پی منصوبوں پر پیش رفت تیز کرنے کی ہدایت

مجوزہ نظام میں سرمایہ کاروں کے لیے مناسب تحفظ اور واضح منافع کے ساتھ شفاف اور تجارتی لحاظ سے پُرکشش مواقع فراہم کیے جانے چاہئیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور و اسٹیبلشمنٹ ڈویژن سینیٹر احد چیمہ نے اوورسیز پاکستانیوں کو ملک کے قابلِ عمل قومی انفراسٹرکچر منصوبوں میں سرمایہ کاری کے منظم مواقع فراہم کرنے کے لیے خصوصی سرمایہ کاری نظام وضع کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (پی پی پی) کے تحت قابلِ سرمایہ کاری منصوبوں کی تیاری اور ان پر پیش رفت تیز کرنے پر زور دیا ہے۔

سہیل آفریدی، مینا خان سمیت 4 ملزموں کے ناقابل ضمانت وارنٹ جاری

عدالت کا ایس ایچ او تھانہ رمنا کو چاروں ملزمان کو گرفتار کرکے عدالت کے روبرو پیش کرنے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے سہیل آفریدی، مینا خان آفریدی، شاہد خٹک اور شفیع جان کے نئے وارنٹ گرفتاری جاری کردیئے۔تھانہ رمنا کے مقدمہ نمبر 975/24 میں نامزد چاروں ملزمان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کیے گئے ہیں۔عدالت نے ایس ایچ او تھانہ رمنا کو چاروں ملزمان کو گرفتار کرکے عدالت کے روبرو پیش کرنے کا حکم دے دیا۔

وزیرخزانہ سے گیٹس فاؤنڈیشن کے اعلیٰ سطح وفد کی ملاقات، ترقیاتی ترجیحات پر تبادلہ خیال

گیٹس فاؤنڈیشن کا پاکستان میں انسانی وسائل، خواتین کی معاشی شمولیت کیلئے تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار

اسلام آباد(این این آئی) وزیرخزانہ محمد اورنگزیب سے گیٹس فاؤنڈیشن کے اعلیٰ سطح کے وفد نے ملاقات کی ہے جس میں معاشی اصلاحات، انسانی وسائل اور ترقیاتی ترجیحات پر تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ گیٹس فاؤنڈیشن نے پاکستان میں انسانی وسائل، خواتین کی معاشی شمولیت کیلئے تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا ہے ۔جمعرات کو یہاں گیٹس فاؤنڈیشن کے اعلیٰ سطح کے وفد نے وزیرخزانہ سے ملاقات کی جس کی قیادت صنفی مساوات ڈویژن کی صدر ڈاکٹر انیتا زیدی کر رہی تھیں۔

وفاقی وزیر قانون کا لیگل ایجوکیشن کی بہتری کے لیے ہر ضروری قدم اٹھانے کا عزم

لا کالجز میں گھوسٹ داخلوں کے تدارک کے لیے ایوننگ کورسز ختم اور لاء گیٹ متعارف کرایا گیا، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ لیگل ایجوکیشن پورے نظام انصاف کی بنیاد ہے جس کے معیار کا براہ راست اثر بار اور بینچ کے معیار پر پڑتا ہے، لیگل ایجوکیشن کے شعبے میں اصلاحات کے لیے کام کیا گیا اور آئندہ بھی اس شعبے کی بہتری کے لیے ہر ضروری قدم اٹھایا جائے گا۔وہ جمعرات کو یہاں پاکستان بار کونسل کے زیر اہتمام لیگل ایجوکیشن ڈائریکٹوریٹ کی سالانہ رپورٹ کے اجراء کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔تقریب میں پاکستان بار کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی کے چیئرمین منیر ملک، سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن آف پاکستان کے صدر ہارون رشید، ڈائریکٹوریٹ آف لیگل ایجوکیشن کے ڈائریکٹر اسامہ (بقیہ 49 صفحہ 3پر)

سی آئی ایف ٹی آئی ایس 2026 کا افتتاح، پاک چین کاروباری روابط کے فروغ پر زور

پاکستان پویلین پاک چین تجارتی روابط مزید مستحکم کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا، رپورٹ

بیجنگ(این این آئی) چین کے دارالحکومت بیجنگ میں جاری چائنا انٹرنیشنل فیئر فار ٹریڈ ان سروسز (CIFTIS)2026 میں پاکستان پویلین کا افتتاح کر دیا گیا، جہاں پاکستانی کاروباری اداروں اور چینی تجارتی نمائندوں نے شرکت کرتے ہوئے تجارت، سرمایہ کاری اور خدمات کے شعبوں میں نئے مواقع تلاش کیے۔چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چین میں پاکستان کے سفیر خلیل ہاشمی نے کہا کہ پاکستان پویلین اور اس سے متعلق کاروباری سرگرمیاں 21 ترجیحی شعبوں میں چینی سرمایہ کاری کو متحرک کرنے (بقیہ 31 صفحہ 3پر)



ڈائریکٹر نیب بلوچستان محمد سلیم احمد ہیڈ مسٹریس حنا اور ڈپٹی ڈائریکٹر نیب فرحان یوسف سٹی سکول کوئٹہ میں طلباء کو بدعنوانی کے خلاف آگاہی و تدارک پر لیکچر دے رہے ہیں

نئی آٹو پالیسی کا حتمی مسودہ آئی ایم ایف کے ساتھ شیئر کر دیا گیا

آئی ایم ایف کے ساتھ مشاورت کے بعد مسودے کی ای سی سی اور وفاقی کابینہ سے منظورہ کی جائے گی

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی حکومت کی نئی پانچ سالہ آٹو پالیسی 31-2026 کا حتمی مسودہ آئی ایم ایف کے ساتھ شیئر کر دیا گیا، آئی ایم ایف کے ساتھ مشاورت کے بعد مسودے کی ای سی سی اور وفاقی کابینہ سے منظورہ کی جائے گی، نئی آٹو پالیسی کے نفاذ سے مقامی گاڑیوں کی قیمتوں میں کمی کا امکان ہے اس کے علاوہ بکنگ کے بعد صارفین کو گاڑی کی اضافی قیمت ادا نہیں کرنا پڑے گی۔

پاکستان کی ترقی وخوشحالی اور فلاح و بہبود پوری قوم کی مشترکہ اور اجتماعی کاوشوں سے ہی ممکن ہے، وزیراعظم

قائداعظم نے مسلمانانِ برصغیر کو مذہبی، تہذیبی اور نظریاتی شناخت کے تحفظ کیلئے متحد ہو کر جدوجہد کرنے کا عزم و حوصلہ دیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی و خوشحالی اور فلاح و بہبود پوری قوم کی مشترکہ اور اجتماعی کاوشوں سے ہی ممکن ہے، قائد اعظم نے مسلمانانِ برصغیر کو مذہبی، تہذیبی اور نظریاتی شناخت کے تحفظ کیلئے متحد ہو کر جدوجہد کرنے کا عزم و حوصلہ دیا، قائد کے اصولوں، ایمان، اتحاد اور نظم و ضبط سے غیر متزلزل وابستگی، آئندہ نسلوں کی تعلیم و تربیت کے لئے رہنما اور تابناک قومی مستقبل کے لیے مشعلِ راہ ہیں۔

چین نے ریموٹ سینسنگ سیٹلائٹس کامیابی سے خلا میں روانہ کر دیئے

بیجنگ(این این آئی) چین نے جیو چھوان سیٹلائٹ لانچ سینٹر سے لانگ مارچ۔ 4 بی کیریئر راکٹ کے ذریعے ریموٹ سینسنگ (01-03) 53-اور ریموٹ سینسنگ (01-03) 56-(بقیہ 33 صفحہ 3پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی حکومت بے روزگاری کے خاتمے کو اپنی اولین ترجیح سمجھتی ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ(این این آئی) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں بے روزگاری کے خاتمے، امن وامان کے قیام سمیت عوام کی ترقی اور خوشحالی کیلئے سنجیدہ کوششیں جاری ہیں

اسلام اور اسلامی شعائر کے خلاف کفری قوتیں ایک صفحے پر متحد ہو چکی ہیں، مولانا واسع

ایسے حالات میں جمعیت علماء اسلام عالم اسلام کی ایک توانا، مؤثر اور با اصول آواز بن کر میدان میں موجود ہے، سینیٹر مولانا عبدالواسع

کوئٹہ(این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ اسلام اور اسلامی شعائر کے خلاف کفری قوتیں ایک صفحے پر متحد ہو چکی ہیں، ایسے حالات میں جمعیت علماء اسلام عالم اسلام کی ایک توانا، مؤثر اور با اصول آواز بن کر میدان میں موجود ہے اور ملک کے اندر اور بیرونِ ملک اسلامی تشخص، دینی اقدار اور امت مسلمہ کے حقوق کے تحفظ کی جنگ لڑ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں جمہوریت کے استحکام اور آئین و پارلیمان کی بالادستی کے لیے جمعیت علماء اسلام نے روز اول سے تاریخی کردار ادا کیا ہے، مفتی محمود سے لے کر آج قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن تک جے یو آئی نے ہر دور میں جمہوری حقوق کے تحفظ کے لیے مختلف تحریکوں کی قیادت کی اور آمریت و غیر جمہوری قوتوں کے سامنے کلمہ حق بلند کیا۔آج بھی پاکستان کا جمہوری مقدمہ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کی قیادت میں پوری قوت (بقیہ 15 صفحہ 3پر)

تصادم کے فریقین سکولوں، دیگر تعلیمی اداروں پر حملے فوری طور پر روکیں، سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ

مسلح افواج اور گروہوں سے وابستہ بچوں اور نوجوانوں کو محفوظ طریقے سے دوبارہ سکولوں اور معاشرے میں شامل کرنے کے لیے بھی اقدامات ضروری ہیں

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش نے تمام متحارب فریقوں سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ سکولوں اور دیگر تعلیمی اداروں پر حملے فوری طور پر روکیں۔



کوئٹہ، بھوسہ منڈی کے رہائشی روزی خان خلجی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پاکستان اور پرتگال کے درمیان زیتون کے شعبے میں تعاون مضبوط بنانے پر اتفاق

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق، رانا تنویر حسین نے پرتگال کے سفیر پاؤلو سیکوئل گوڈیز ڈومنگوز کے ساتھ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں دو طرفہ تعاون، بالخصوص پاکستان کے زیتون کے شعبے کی ترقی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

سپریم کورٹ، قتل کے ملزم کی عمر قید کیخلاف اپیل، وکیل کی عدم تیاری پر سماعت ملتوی

اسلام آباد(این این آئی) سپریم کورٹ میں قتل کے ملزم کی عمر قید کیخلاف اپیل پر سماعت کے دوران وکیل کی عدم تیاری پر عدالت برہم ہوگئی اور وکیل کو تیاری کی مہلت دیتے ہوئے سماعت ملتوی کر دی۔عدالت میں اپنے دلائل دیتے ہوئے ملزم کے وکیل کا کہنا تھا کہ پنہال سخت بیمار ہے، سانس لینے میں شدید دشواری ہے۔

ملک میں رئیل اسٹیٹ مارکیٹ کا فروغ؛ طویل مدتی سرمایہ کاری بڑھانے کی تجویز

تجاویز کے تحت رئیل اسٹیٹ سے آمدن اور متعلقہ اثاثوں کا کم از کم تناسب 75 فیصد سے کم کر کے 65 فیصد کرنے کی سفارش

کراچی(این این آئی) سیکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے رئیل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹس کے فروغ کے لیے اہم اصلاحات تجویز کر دی ہیں۔ان تجاویز کے تحت رئیل اسٹیٹ سے آمدن اور متعلقہ اثاثوں کا کم از کم تناسب 75 فیصد سے کم کر کے 65 فیصد کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔میڈیا رپورٹ کیمطابق ایس ای سی پی نے اسپانسرز، ڈائریکٹرز اور متعلقہ اداروں سے قرض کی مدت 24 ماہ سے بڑھا کر 36 ماہ کرنے کی سفارش بھی کی ہے۔



رنی، اسسٹنٹ کمشنر رنی فہد حسین عمرانی ویٹرنری ڈاکٹر سعید احمد کے ہمراہ گوشت مارکیٹ کا معائنہ کر رہے ہیں

قائداعظمؒ کے اصولوں پر عمل پیرا ہو کر پاکستان کو مضبوط بنایا جا سکتا ہے، مشاہد حسین سید

قائداعظمؒ کے وژن کو عملی جامہ پہنانے کے لیے تعلیم، انسانی حقوق، خواتین کی بااختیار شمولیت اور کرپشن کے خاتمے کو قومی ترجیحات بنانا ہوگا، سینئر سیاستدان

اسلام آباد(این این آئی) سینئر سیاستدان سینیٹر مشاہد حسین سید نے کہا ہے کہ قائداعظم محمد علی جناح کا وژن ایک خودمختار، مضبوط، جمہوری اور خوشحال پاکستان کا قیام تھا جہاں آئین و قانون کی بالادستی، مساوات، سماجی انصاف، انسانی حقوق، مذہبی آزادی اور تعلیم کو بنیادی اہمیت حاصل ہو۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں قائداعظم کا وژن اور موجودہ پاکستان کے (بقیہ 37 صفحہ 3پر)

ڈی ایف سی 2026 سے قبل پی ایف ایف کا پنجاب کے کوچز کے لیے انجریز سے بچاؤ کی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا

یہ اقدام ملک بھر میں فٹبال کے نظام کے ہر درجے پر پیشہ ورانہ معیار کو بہتر بنانے کے عزم کا عکاس ہے، محمد شاہد نیاز کھوکھر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان فٹبال فیڈریشن (پی ایف ایف) نے انجری پریونشن اینڈ مینجمنٹ ورکشاپ کے پہلے سیشن کا انعقاد کیا جس میں پنجاب سے تعلق رکھنے والے کوچز نے آن لائن شرکت کی۔ یہ ورکشاپ ڈسٹرکٹ فٹبال چیمپئن شپ (ڈی ایف سی)2026 کی تیاریوں کے سلسلے میں منعقد کی جا رہی ہے۔

جنوبی کوریا کا امریکا میں 100 ارب ڈالر سرمایہ کاری کا منصوبہ

منصوبے کے تحت امریکا میں 8 تک جوہری ری ایکٹرز تعمیر کیے جائیں گے، امریکی میڈیا

واشنگٹن(این این آئی) جنوبی کوریا امریکا میں مصنوعی ذہانت کے شعبے کی توسیع میں مدد کے لیے 100 ارب ڈالر سے زیادہ مالیت کے توانائی سرمایہ کاری منصوبے کے اعلان کی تیاری کر رہا ہے۔امریکی ٹی وی کے مطابق مجوزہ معاہدے کے تحت جنوبی کوریا امریکا میں 8 تک (بقیہ 39 صفحہ 3پر)

قلات کے علاقے میں نامعلوم افراد نے قومی شاہراہ پر واقع پل کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا

قلات(این این آئی) قلات کے علاقے میں نامعلوم افراد نے قومی شاہراہ پر واقع پل کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا۔پولیس کے مطابق جمعرات کو قلات کے علاقے مرجان میں نامعلوم افراد نے کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر واقع ایک پل کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا۔

آزاد کشمیر کی ترقیاتی ترجیحات کا جائزہ، اسحاق ڈار کی عملدرآمد تیز کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں آزاد جموں و کشمیر میں ترقیاتی ترجیحات کا جائزہ لیا گیا۔

مستونگ کے علاقے میں پولیس چوکی پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک اہلکار شہید جبکہ دوسرا زخمی ہوگیا

کوئٹہ(این این آئی) مستونگ کے علاقے میں پولیس چوکی پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک اہلکار شہید جبکہ دوسرا زخمی ہوگیا۔پولیس کے مطابق جمعرات کو (بقیہ 26 صفحہ 3پر)

ژوب کے علاقے سے پولیس نے ایک شخص کی نعش قبضے میں لے لی

ژوب(این این آئی) ژوب کے علاقے سے پولیس نے ایک شخص کی نعش قبضے میں لے لی۔پولیس کے مطابق جمعرات کو پولیس نے دانا سر پہاڑی سے ایک نامعلوم شخص کی نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچادی جس کی شناخت خان بہادر ولد جمعہ خان سکنہ افغانستان کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس مزید کارروائی کر رہی ہے

اسلام آباد، پی ٹی آئی کے 8 قومی وصوبائی اسمبلی اراکین کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت (اے ٹی سی) اسلام آباد نے پاکستان تحریک انصاف کے 8 اراکان قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کردیئے۔

جدید اور معیاری تعلیم ہی معاشرے اور ملک کی ترقی کی بنیادی ضمانت ہے، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جھل مگسی

گنداواہ(این این آئی) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جھل مگسی قرت العین مگسی سے صحافی برادری سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے ملاقات (بقیہ 30 صفحہ 3پر)

چمن شہر میں شہریوں کے قتل، ڈکیتی، رہزنی اور دیگر جرائم کے واقعات کا مسلسل رونما ہونا انتہائی تشویشناک ہے، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں ضلع چمن کے رہائشی پارٹی رکن نظر محمد کے قتل کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ چمن شہر میں شہریوں کے قتل، ڈکیتی (بقیہ 32 صفحہ 3پر)

زمین منسوخی سے قبل نوٹس اور سماعت کا موقع دینا لازم ہے، سپریم کورٹ

اسلام آباد (این این آئی) کسی شخص کے ملکیتی حقوق کو یکطرفہ کارروائی سے ختم نہیں کیا جا سکتا، زمین واپس لینے یا ملکیتی حقوق متاثر کرنے سے قبل متعلقہ فریق کو نوٹس اور صفائی پیش کرنے کا معقول موقع دینا ضروری ہے۔

نصیرآباد پولیس تھانوں کے مددگار اہلکاروں میں نئی موٹرسائیکلیں تقسیم کردی گئیں

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد مختلف پولیس تھانوں و پندرہ مددگار اہلکاروں کو سولہ نئی موٹر سائیکلوں کی تقسیم کردی گئی پولیس کے مطابق ائی جی پولیس بلوچستان کی جانب سے (بقیہ 36 صفحہ 3پر)

خلع پر حق مہر واپسی کی حد مقرر کرنیکے قانون کے معاملے کو وزیراعلیٰ پنجاب کے نوٹس میں لایا جائے، سپریم کورٹ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے شریعت اپیلیٹ بینچ نے خلع لینے والی خاتون کو 50 فیصد حق مہر واپس کرنے سے متعلق پنجاب کے قانون کو خلاف شریعت قرار دینے کے وفاقی شرعی عدالت کے فیصلے کے خلاف پنجاب حکومت کی اپیل پر معاملہ وزیراعلیٰ پنجاب کے نوٹس میں لانے کا حکم دیدیا۔

باریچہ کے علاقے میں مسافر بس کھائی میں گرنے سے سولہ مسافر زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) خضدار سے میہڑ جانے والی مسافر کوچ باریچہ کے علاقے میں کھائی میں جاگری سولہ مسافر زخمی ہوگئے پولیس کے مطابق خضدار سے میہڑ جانے والی مسافر کوچ جھل مگسی کے علاقے پولیس تھانہ باریچہ پچی پل کے مقام پر تیز رفتاری (بقیہ 38 صفحہ 3پر)

وفاقی وزیر قانون نے ٹیلی کمیونیکیشن اپیلیٹ ٹربیونل کا باضابطہ افتتاح کر دیا

ریٹائرڈ ہائی کورٹ جج ٹربیونل کی سربراہ، مالیاتی اور ٹیلی کمیونیکیشن شعبوں کے ماہرین بطور ممبران شامل

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے ٹیلی کمیونیکیشن شعبے سے متعلق تنازعات کے منصفانہ، مؤثر اور بروقت حل کے لیے قائم ٹیلی کمیونیکیشن اپیلیٹ ٹربیونل کا باضابطہ افتتاح کر دیا۔ٹربیونل کی افتتاحی تقریب جمعرات کو یہاں اسلام آباد میں منعقد ہوئی جس میں ٹربیونل کے چیئرمین جسٹس (ر) محمد طارق عباسی، ممبر ٹیکنیکل عماد میمن، ممبر فنانس محمد تنویر بٹ اور دیگر معزز مہمانوں نے شرکت کی۔اس موقع پر خطاب کرتے (بقیہ 27 صفحہ 3پر)

پاکستان کو تیز رفتار ترقی کرنی ہے تو برآمدات میں نمایاں اضافہ کرنا ہوگا، احسن اقبال

پاکستان کو معاشی ترقی کے لیے روایتی طریقہ کار سے نکل کر تیز رفتار ڈیجیٹل معیشت کی طرف منتقل ہونا ہوگا، احسن اقبال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کو معاشی ترقی کے لیے روایتی طریقہ کار سے نکل کر تیز رفتار ڈیجیٹل معیشت کی طرف منتقل ہونا ہوگا، ٹیکس اصلاحات اور وسائل میں اضافہ مشن۔ 2 اڑان پاکستان کے تحت قومی اقتصادی کونسل سے منظور شدہ 11 قومی اقتصادی مشنز میں سے ایک ہے، جو پورے اڑان پاکستان پروگرام کیلئے مالیاتی انجن کی حیثیت رکھتا ہے۔قومی اقتصادی مشن، ٹیکس اصلاحات اور معیشت کی ڈیجیٹلائزیشن کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ قابل اعتماد اور موثر ذرائع سے آمدن میں اضافہ کیے بغیر دیگر 10 قومی اقتصادی مشنز کے لیے مطلوبہ وسائل فراہم نہیں کیے جاسکتے۔

حکومت کا نئے صوبوں کے معاملے پر قومی اسمبلی، سینیٹ میں بحث کرانے کا اعلان

نئے صوبوں کی بحث کا اصل مقام پارلیمنٹ ہے، اسلام آباد نیا صوبہ نہیں بن رہا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی حکومت نے اکتوبر میں قومی اسمبلی وسینیٹ میں نئے صوبوں پر بحث کرانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ اکتوبر میں قومی اسمبلی وسینیٹ اجلاس ہوں گے، جن میں نئے صوبوں کے قیام پر بحث کروائی جائے گی۔میڈیا سے گفتگو میں وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ ستمبر میں قومی اسمبلی اور سینیٹ کے اجلاس نہیں ہو رہے ہیں تاہم اکتوبر میں پارلیمان کے اجلاس ہو رہے ہیں ان میں نئے صوبوں کے قیام پر بحث کرائی جائے گی۔



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے پہلی نرس پی ایچ ڈی ڈاکٹر انیلہ سمرین ملاقات کر رہی ہیں

کانک میں پولیس چوکی پر حملہ قابل مذمت ہے، معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات وسیاسی امور

پولیس اہلکاروں نے حملہ آوروں کا بہادری سے مقابلہ کیا، فائرنگ کے تبادلے کے بعد مسلح افراد موقع سے فرار ہوگئے، شاہد رند

کوئٹہ(این این آئی) معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے مستونگ کے علاقے کانک میں پولیس چوکی پر فائرنگ کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد عناصر بزدلانہ کارروائیوں کے ذریعے بلوچستان میں امن و امان کو سبوتاژ کرنے میں کامیاب نہیں ہوں گے، امن دشمن عناصر کے خلاف ریاستی عزم کو ایسے حملوں سے کمزور نہیں کیا جاسکتا۔

ورلڈ اسکلز شنگھائی 2026، ٹیم پاکستان شرکت کرے گی، تیاریاں جاری

عالمی مقابلہ پاکستانی نوجوانوں کو سیکھنے اور اپنی فنی صلاحیتیں اجاگر کرنے کا موقع دے گا

اسلام آباد(این این آئی) ٹیم پاکستان دنیا کے سب سے بڑے ہنر مندی کے مقابلے ورلڈ اسکلز شنگھائی 2026 میں ملک کی نمائندگی کیلئے تیاریاں کر رہی ہے اس سلسلے میں پاکستانی کھلاڑیوں اور ماہرین کو تکنیکی مقابلے کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی سطح پر درکار تجربے اور صلاحیتوں سے آراستہ کرنے کیلئے تیاریوں کا سلسلہ جاری ہے۔گوادر پرو کے مطابق تیاریوں کے تحت شرکا کی بین الثقافتی آگاہی، عملی تیاری اور ٹیم اسپرٹ کو مزید بہتر بنانے کے لیے پری شنگھائی پریپریشن اینڈ ٹیم بلڈنگ سیشن کا انعقاد کیا گیا۔

اسلام آباد، شیشہ کیفیز پر پابندی کے معاملے پر ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنرز نے شہر بھر میں کارروائیاں شروع کر دیں

ای الیون میں 3، سوک سینٹر میں 6 کیفے، آئی ایٹ میں 2 سیل، سامان قبضے میں لے لیا گیا

اسلام آباد(این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ کے احکامات کے تحت شیشہ کیفیز پر پابندی کے معاملے پر ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنرز نے شہر بھر میں کارروائیاں شروع کر دیں۔ترجمان کے مطابق ای الیون، سوک سینٹر سمیت تمام ایریاز میں خفیہ اطلاع پر کارروائیاں کی گئیں، ای الیون میں 3، سوک سینٹر میں 6 کیفے، آئی ایٹ میں 2 سیل، سامان قبضے میں لے لیا گیا، ڈی سی اسلام آباد نے عدالتی احکامات کی خلاف ورزی کرنے والے کیفے اونرز کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی ہدایت کی۔

نوجوانوں پر سرمایہ کاری سے ملک کا مستقبل روشن بنایا جاسکتا ہے، سیدال خان ناصر

تعلیم دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کا مؤثر ذریعہ ہے، چیرمین سینٹ

کوئٹہ+اسلام آباد(این این آئی) پاکستان ان خوش قسمت ممالک میں شامل ہے جہاں تقریباً 60 فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے، جو ملک کا سب سے بڑا اثاثہ اور مستقبل کی امید ہیں۔نوجوانوں کو معیاری تعلیم، جدید مہارتوں اور عالمی سطح پر مواقع فراہم کرکے پاکستان اور پورے خطے کی ترقی و خوشحالی کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔ان خیالات کا اظہار سیدال خان ناصر نے یونیورسٹی آف لاہور اور یونیورسٹی آف پلائی ماؤتھ، برطانیہ کے درمیان ٹرانس نیشنل ایجوکیشن پارٹنرشپ کے آغاز کی تقریب سے گزشتہ شام قائم مقام چیئرمین سینیٹ کی حیثیت سے بطور مہمانِ خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔سیدال خان ناصر نے یونیورسٹی آف لاہور اور یونیورسٹی آف پلائی ماؤتھ کو اس اہم شراکت داری پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ معاہدہ محض دو تعلیمی اداروں کے درمیان تعاون نہیں بلکہ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان علمی و تعلیمی روابط کو مزید مضبوط بنانے کی جانب اہم قدم ہے۔

ٹیکنالوجی زونز قومی برآمدات بڑھانے کے لیے کلیدی حیثیت رکھتے ہیں، قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ

اسلام آباد ٹیکنو پولس کی تکمیل میں تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی، چیئرمین قائمہ کمیٹی ملک ابرار احمد کا واضح پیغام

اسلام آباد(این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ نے سپیشل ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی (ایس ٹی زیڈ اے) کو ہدایت کی ہے کہ ملک میں آئی ٹی برآمدات کے فروغ اور بیرونی سرمایہ کاری کے لیے زیر تعمیر زونز پر کام کی رفتار تیز کی جائے اور فلیگ شپ منصوبے اسلام آباد ٹیکنو پولس کی فزیکل تکمیل کو بغیر کسی رکاوٹ کے وقت پر یقینی بنایا جائے۔

علامہ اقبالؒ کے کلام کو فن کے ذریعے دنیا بھر میں متعارف کرائیں گے، اورنگزیب خان کھچی

علامہ محمد اقبال کے فکر و فلسفے کو فن کے ذریعے پیش کرنا ایک منفرد اور مؤثر کاوش ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت اورنگزیب خان کھچی نے کہا ہے کہ علامہ محمد اقبال کے فکر و فلسفے کو فن کے ذریعے پیش کرنا ایک منفرد اور مؤثر کاوش ہے اور حکومت اقبال کے پیغام کو دنیا بھر میں متعارف کرانے کے لیے ایسے فن پاروں کو بیرون ملک نمائشوں میں بھی پیش کرنے کی کوشش کرے گی۔

غزہ میں گھر پر اسرائیلی بمباری، میاں بیوی دو بچوں سمیت شہید

چاروں شہدا کی لاشیں غزہ شہر کے الشفا ہسپتال منتقل کر دی گئیں، متعدد شہری زخمی

غزہ(این این آئی) غزہ کے شمالی علاقے بیت لاہیہ میں ایک گھر پر اسرائیلی فوج کی بمباری کے نتیجے میں فلسطینی میاں بیوی اور ان کے دو بچے شہید ہوگئے۔



ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف امر روٹی کی مقررہ وزن سے کم فروخت پر کارروائی کر رہے ہیں